Posted on Kitab Nagri




Kitab Nagri
www.kitabnagri.com
کتاب نگری

www.kitabnagri.com

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہو ا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Writers .Official

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com

whatsapp No : 0316-7070977

# نرم دل

## ثناء ستار ملک

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

سب سے پہلے شکریہ کتاب نگری ویب سائٹ کا اور خاص طور پر اس انسان کا جسنے مجھے سمجھایا کے کیسے میں ناول لکھوں. اللہ جی رحیم اور کریم ہیں یقیناوہ مجھے میری اس محنت کا صلہ آپ لوگوں کے اس ناول کو پسند کرنے کی شکل میں دے گا.

لکھنے والی کا نام: ثناء ستار ملک

ناول کا نام: نرم دم

وہ رو رہی تھی بہت زیادہ اتنا زیادہ کے رونے کے سبب اسکا وجود ہچکیوں میں گھرا ہوا تھا پاگلوں کی طرح رو رہی تھی اور اسکے لبوں پر ایک ہی پکار تھی اللہ جی معاف کر دیں مجھے اور مجھ سے وابسطہ ہر انسان بھلے وہ میر ا رشتے

دار ہو بھلے دوست احباب میں سے کوئی ہو یا کوئی بھی ایسا انسان جسے راہ چلتے آج تک مینے صرف لمحے کیلئے دیکھا ہو میرے رب سب کو معاف کر دے اسکی دعا لمبی ہی ہوتی جارہی تھی کوئی حد یا کوئی اختتام نہیں لگتا تھا اسکی دعا کا لگ رہا تھا وہ ساری زندگی کی دعا بس آج ہی مانگ لے گی اور اسکی یہ بے خودی کی کیفیت ٹوٹ گئی ایک آواز سے اسنے جلدی سے خود کو سنبھالا سجدے سے سر اٹھایا اور آواز کی سمت دیکھا تو ششدر رہ گئی وہ کوئی اجنبی تھا ایک وجیہہ مرد پر سکون چہرے اور بے داغ پیشانی کا مالک وہ جلدی سے اٹھی اور ارد گرد دیکھا نا ہی اسکی آپی موجود تھی نا ہی خالہ اور نا باقی سب وہ تو خود پر حیران رہ گئی کے وہ اکیلی کب سے مسجد نبوی کے صحن میں موجود ہے ارد گرد سے بے خبر اور اسکے گھر والے کیسے اسے اکیلے چھوڑ کر چلے گئے وہ انہی خیالوں میں گم تھی کے ایک بار پھر سے آواز آئی

کیا ہوا کوئی مسئلہ ہے یا آپ اپنی فیملی سے الگ ہو گئی ہو؟؟

اب کے اسنے خاموشی کو توڑ دیا میں جان نہیں پائی کب سب چلے گئے کیا آپ بتا سکتے وقت کیا ہوا ہے؟؟

10:47pm

یا اللہ جی رحم اتنا وقت گزر گیا اسے خبر نا ہوئی اسے اپنے آپ پر غصہ آیا خود سے زیادہ اعناب آپی، اسحار بھائی اور خالہ جان پر غصہ آیا اسے اور اسے پھر سے خاموش پا کر اور سوچوں میں گھرا پا کے منان نے اسے مخاطب کر ہی لیا یار آپکے پاس بولنے کیلئے الفاظ کی کمی ہے شاید خیر میں کافی دیر سے نوٹ کر رہا تھا آپکو آپ پاکستانی ہو اور کافی چھوٹی بھی لگ رہی ہو اگر میری مدد چاہیئے تو بتاؤ اسنے اسے صاف الفاظ میں اپنے مخاطب کیے جانے کا مقصد بتایا اگلے دو منٹ تک وہ نا بولی تو منان نے ہی اسے کہا کے وہ چلتی آئے اسکے پیچھے وہ اسے اسکی بلڈنگ تک پہنچا

دے گا اور پھر آگے کو چل پڑا جلدی سے اپنا بیگ اٹھا کے وہ اسکے پیچھے آئی اور پہلی بار اسے مخاطب کیا آپ کیوں میری مدد کر رہے ہیں

اس سوال کا جواب وقت آنے پر دونگا آپکو میں مس ابصار...... اسکی بات پر جھٹکے سے سر کو اٹھا کر ابصار نے بولنا چاہا مگر اس سے پہلے ہی منان نے اسے حکم دیا اب برائے مہربانی خاموشی سے چلنا.................

وہ خاموشی سے چل رہی تھی مگر دماغ میں ایک انبار سوالات کا لیے

یہ کون ہے ؟ مجھے کیسے جانتا؟ میرا نام کیسے معلوم اسے ؟ یہ مجھے لے کر کہاں جا رہا ہے میری بلڈنگ ہی پہنچائے گا یا

اس سے آگے وہ سوچ ہی نا پائی کیوں کے وہ بہت زور سے کسی سے ٹکرائی تھی اور اس سے پہلے کے گرتی کسی نے جھٹکے سے اسے اپنی جانب کھینچا خوف سے اسکی آنکھیں بند ہو گئی تھی اسے اپنے کان کے قریب سر گوشی سنائی دی اپنی سوچوں کو راہ چلتے ہوئے جھٹک دیا کرو خود بھی سکون سے رہو اور مجھے بھی رہنے دو. اور پھر اسنے اسکے چہرے کو ایک بار اپنے چہرے سے چھوا اور اس کے لمس سے خود کو سکون پہنچانے کی ایک چھوٹی سی کوشش میں یہ احساس نا ہوا کے ابصار اس طرح خود کو کسی کے قریب ہے کوئی اسکے کان میں سر گوشی کر رہا ہے محسوس کر کے اسنے خود کو خوف کی وجہ سے آنکھیں بند کرنے پر مجبور کیا ہوا جب اس نے آنکھیں کھولی تو منان اسسے چند قدم آگے کھڑا اسے عجیب نظروں سے دیکھنے میں مصروف تھا

کیا آپکو کوئی دماغی مسئلہ ہے یا آپ کسی ٹینشن میں ہو ویسے مجھے تو کوئی سائکو لگتی ہو تمہیں یہاں نہیں کسی پاگل خانے میں ہونا چاہیئے وہ جو ادھر ادھر دیکھنے میں مصروف تھی کے وہ کون تھا کہاں سے آیا اور اسکی ہمت کیسے

ہوئی اسکے قریب آنے کی منان کی بات سن کر اس کو الجھن بھری نظروں سے دیکھنے لگی اور اسکی بات سمجھنے پر اسے غصہ آیا اور اسنے بہت آرام سے منان سے کہا جو جیسا ہوتا ہے وہ دوسروں کو ویسا ہی سمجھتا ہے اس لیے آپکی باتوں کا کوئی اثر نہیں ہونا....

آہم آہم مطلب کے آپ میرے جیسی ہی ہو.... آپکا دماغ خراب ہے اسکے علاوہ کوئی بات نہیں.. مگر.. ابھی تو آپنے بولا جو جیسا ہوتا ہے ویسے ہی دوسروں کو سمجھتا ہے تو میں آپکو سائکو لگ رہا ہوں نا؟ ماری گئی ابصار یہ تو انسان کا اندر بھی پڑھنا جانتا ہے.... وہ مسکراہٹ دبائے بہت غور سے اسکے چہرے کو دیکھنے میں مگن تھا جب اسکے جواب نے اسے کھل کے ہنسنے پر مجبور کر دیا.....جی آپ ایک سائکو ہی ہو.....ہاہاہاہاہاہاہاہاہا یار قسم سے بہت بیوقوف ہو ابصار نے حیرت سے اپنی طرف اشارہ کیا کے کیا میں ہوں؟؟؟؟ جی بالکل آپ ہی ہو کیونکہ میں کب سے آپکو سائکو کہہ رہا تھا مطلب میں ہوں تبھی آپکو بول رہا تھا ابصار کو اسکا رویہ سمجھنے میں مشکل ہو رہی تھی پھر ابھی تھوڑا وقت پہلے جو واقعہ ہوا اسنے اسے الجھا دیا تھا مگر گھر والوں سے دوری یہ سب سوچ کر اسکی آنکھوں میں نمی آگئی ارے میں مزاق کر رہا تھا آپ تو رونے لگ گئی ہو معافی چاہتا ہوں آپکو دکھی کر دیا

باقی کا راستہ خاموشی سے کٹ گیا یہ رہی آپکی بلڈنگ اسنے سر اٹھا کر دیکھا تو سامنے ہی اسے بھائی اسحار پریشان سے باہر کی طرف آتے دکھائی دیئے وہ تیزی سے انکی طرف بڑھی اور انکے سینے سے لگ کے رونے لگی منان نے اسکو اسکی منزل کی طرف جاتے دیکھا تو اپنی منزل کی جانب روانہ ہو گیا کیونکہ مناب، امی اور زریاب اسکے منتظر تھے جبکہ دو آنکھوں میں اس منظر کو دیکھتے ہی تکلیف اور چبھن شروع ہو گئی تھی وہ کب اسے روتا ہوا دیکھنا چاہتا تھا آج اتنے عرصے بعد اسے اپنے سامنے دیکھا تو خود پر قابو نا پا سکا اور اب اپنی جلد بازی پے غصہ آ رہا تھا اسے۔

کیا ہو گیا گڑیا ایسے کیوں رو رہی ہو؟؟

میری جان ہم آپسے معافی مانگ تو رہے ہیں ہمیں اندازہ ہی نا ہو سکا کے آپ ہمارے ساتھ نہیں ہو ورنہ کبھی اپنی جان کو تنہا نا چھوڑ کر آتے مسلسل کوشش کے باوجود جب وہ چپ نا ہوئی تو سنجیدگی سے اسحار نے اس سے سوال کیا ابصار بیٹا کیا کسی نے کچھ کہا ہے؟؟ نہیں بالکل نہیں بھائی بس میں ڈر گئی تھی مجھے لگا تھا شاید میں دوبارہ کبھی آپ سب سے مل نا پاؤں بس اسی لیے... اور پھر سب اسکا دھیان بٹانے میں کامیاب ہو گئے اسے کھانا کھلانے اور اسکے سونے کے بعد سب اپنے بستروں میں سونے چلے گئے وہ سب کے سامنے خود کو سوتا ہوا ظاہر کر کے بھی جاگ رہی تھی اور پریشانی سے یہی سوچ رہی تھی کے وہ کون تھا اسکے اتنے قریب کیسے آ گیا؟؟؟؟؟

دورانی ہاؤس میں آج خوشیاں عروج پر تھی دورانی صاحب اور انکی بیوی اللہ جی کا شکر ادا کرتے نہیں تھک رہے تھے بات بھی تو ایسی ہی تھی اللہ جی نے انکو دو جڑواں بیٹیاں نصیب کی تھی جنکے نام انہوں نے شازیہ رحمت اور نازیہ رحمت رکھے محمد دوران نے بہت محبت اور ناز سے اپنی بیٹیوں کو پالا تھا آج انکی خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہیں تھا اور وقت گزرتے احساس ہی نا ہوا وہ بیٹیاں جو انکی جان ہوا کرتی تھی جنکے لاڈ اٹھاتے انہیں گود میں اٹھائے وہ تھکتے نا تھے آج انکے سامنے انکی ان معصوم مگر شرارت سے بھرپور بیٹیوں کیلیئے رشتے لے کر انکے چچازاد بھائی آئے ہوئے تھے فرمان صاحب کے تین بچے تھے بڑا بیٹا کاشان پھر سبحان اور ایک بیٹی دعا تھی دعا کی پیدائش پر اسکی والدہ انتقال کر گئی تھی اسکے بعد سے فرمان صاحب ہی انکے باپ اور ماں تھے ایک شادی کی تقریب میں کاشان نے شازیہ کو دیکھا اسکے بارے میں معلومات اکھٹی کی اور اپنے باپ فرمان صاحب سے رشتہ لے کر جانے کو کہا انکو یہ جان کر بہت خوشی ہوئی کے انکے بیٹے کے جذبات سچے ہیں مگر آگے سے وہ جو خبر لائے وہ سبحان کیلیئے ایک امتحان تھا انکے مطابق انکی بیٹیاں ایک ہی گھر میں دو بھائیوں سے شادی کرنا چاہتی ہیں سبحان اپنے بھائی کی شازیہ

www.kitabnagri.com

سے محبت اور اسے پانے کی تمنا سے بخوبی واقف تھا لیکن وہ تو خود مجبور تھا اپنے دل کے ہاتھوں بابا اور بھائی سے کہا مجھے کچھ وقت دیں سوچنے کیلئے اور اب خود کمرے میں بیڈ پے بظاہر آنکھیں بند کیے لیٹ کر وہ کہیں کھویا ہوا تھا.....

اسے یاد آ رہا تھا اسکے سامنے یونیورسیٹی گیٹ سے داخل ہونے والی دونوں لڑکیاں جنہوں نے خود کو بڑی بڑی چادروں میں چھپایا ہوا تھا اندر آنے کے بعد بچوں کی طرح گھوم گھوم کے یونیورسیٹی کا جائزہ لے رہی تھیں ان میں سے ایک کچھ دیر بعد کیمسٹری ڈیپارٹمنٹ کی طرف چلی گئی جبکہ دوسری انہیں کی طرف آ رہی تھی وہ اپنے آپ میں مگن اپنے ڈیپارٹمنٹ کی طرف آ رہی تھی کے اچانک سے پورے زور سے اسکے سر پر کچھ گرا تھا خوف سے اسکی چیخ نکل گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

قہقہے کی آواز پر جب اسنے آنکھیں کھولی تو سامنے سبحان اپنے پیٹ پر ہاتھ رکھے ہنس ہنس کر پاگل ہو رہا تھا سبحان نے خود پر قابو پاتے ہوئے جونہی سامنے دیکھا اسکی مسکراہٹ بالکل غائب ہو گئی سامنے کے منظر نے اسے بے خود سا کر دیا

معصوم چہرہ بڑی بڑی آنکھیں جو نمی سے بھری ہونے کے سبب اور بھی حسین لگ رہی تھی اسے لگا اس سے پہلے اتنی معصوم خوبصورتی اسنے کہیں نا دیکھی ہو گی اس کے اس سکتے کو آنے والی آواز نے توڑا

ناز کیا ہوا ہے تم اپنا موبائل میرے پاس بھول آئی تھی وہی دینے آ رہی تھی کے تمہاری چیخ سنائی دی ارے یہ تم گیلی کیسے ہو گئی پھر سامنے کھڑے لڑکے کو دیکھ کر اسے یہی سمجھ آیا کے یہ سینئیر کی شرارت ہے

شیزی غصے سے سبحان کی طرف متوجہ ہوئی یہی تمیز سیکھی ہے اب تک کی پڑھائی اور گھر کی تربیت سے جہاں لڑکی کو تنہا دیکھو اسے خوب بے عزت کرو..... آپی کیا ہو گیا ہے انہوں نے یہ سب نہیں کیا میں آپ سے معذرت چاہتی ہوں انکے جو منہ میں آتا ہے بول دیتی ہیں بنا حقیقت جانے اور پھر آپی کا ہاتھ پکڑے آگے کو چل پڑی اور سبحان بھی خاموشی سے اپنی کلاس کیلیئے چلا گیا مگر الجھ ضرور گیا تھا وہ

کیا اسنے تم پر پانی نہیں گرایا تھا.... انہوں نے ہی گرایا تھا تو تم مجھے لے کر کیوں آگئی میں اسکا دماغ سیٹ کر دیتی آپی آپکے غصہ کرنے سے مجھے صرف تکلیف ملتی اور کچھ نہیں ناز تم حد کرتی ہو آپی بات کو سمجھنے کی کوشش کریں آپ غصہ کرتی اور آپکا بلڈ پریشر ہائی ہو جاتا اور آپکے غصے میں بولے گئے الفاظ سے انکا دل دکھتا تو ان دونوں باتوں سے مجھے تکلیف ہوتی میری ایک زرا سی بات کی وجہ سے دو لوگ تکلیف میں ہوں یہ ناممکن ہے..... ناز میری جان یہ دنیا بہت سفاک اور ظالم ہے تم جیسے نرم دل لوگوں کیلیئے کوئی جگہ نہیں یہ لوگ تمہیں روند ڈالیں گئے میری جان

آپ چھوٹی چھوٹی باتوں پر پریشان مت ہوا کریں

آج انکی مدینہ سے مکہ روانگی تھی ابصار تو بے تاب ہو رہی تھی مکہ میں پہنچے اور بھاگ کر الحرم جائے طواف کعبہ کرے کعبہ کی دیوار کو اپنے ہاتھ سے چھوئے حجر اسود کا بوسہ لے اللہ جی کے گھر میں انکے بالکل سامنے سجدہ ریز ہو کر اپنے اس جرم کی گناہ کی معافی مانگے جسنے پانچ سال سے اسکو ایک پل بھی سکون کا سانس نہیں لینے دیا تھا بس میں سوار ہوتے ہوئے وہ یونہی اپنی سوچ میں گھری چل رہی تھی کے اچانک سے وہ کسی سے ٹکرائی وہ ایک بزرگ خاتون تھیں جنہوں نے بہت پیار سے اسکے چہرے پر ہاتھ پھیرے اور نرم لہجے میں کہا میرے بچے

سوچوں کے بھونڈر انسان کو پاگل کر دیتے ہیں کوشش کرو کے راہ چلتے انسے چھٹکارا پالیا کرو ورنہ صرف خسارہ نصیب بن جاتا ہے شرمندگی سے اسکا سر جھک گیا اور نیچے سر جھکائے وہ بولی معافی چاہتی ہوں جواب نا ملنے پر اسنے سر اٹھا کے دیکھا تو سامنے ایک لڑکا کھڑا مکمل سنجیدگی سے اسے دیکھ رہا تھا محترمہ آپ سائیڈ پے ہونا پسند کریں گی تاکے میں بس سے نیچے اتر سکوں وہ خاموشی سے ایک طرف ہو گئی اور جانے والا چلا گیا

منان اپنی سیٹ پر آ کے بیٹھا تو زریاب نے اسے گھوری سے نوازا کیا یار ایسے مت دیکھا کرو مجھے خوف آتا ہے تم سے آپ کو آرام سے بیٹھنا نہیں آسکتا مجھے ناپنے اس پیارے سے چھوٹے بھائی کو بے سکون کر کے ہی سکون آتا ہے کیا بات ہے بھائی آج اور ہی موڈ میں ہو... آہم وہ دراصل امی کو اپنی ساسوں ماں سے ملوا کر لا رہا ہوں کیا سچ میں کہاں ہیں وہ مجھے بھی ملنا ہے بھابھی بھی ساتھ ہو نگی ان سے ملے آپ ارے نہیں یار اس سے ملاقات نا ہو سکی وہ سالے صاحب کے ہمراہ تھی وہ بھی ساتھ میں ہے اور منان کو لگا شاید اسنے اسکا ذکر کر کے غلطی کی ہے کیونکہ زریاب کے چہرے نے فورا رنگ بدلا تھا اسکا چہرہ اور آنکھیں غصے کی وجہ سے سرخ ہو گئے تھے زریاب میرے بچے اس سب میں رحمت کی کوئی غلطی نہیں ہے کیا آپ خاموش بیٹھ سکتے ہیں وہ جانتا تھا اگر اسنے کچھ بھی مزید کہا تو وہ بس سے اتر جائے گا اسی لیے وہ خاموش ہو گیا دوسری طرف زریاب نے آنکھیں بند کر کے تصور میں اسکے چہرے کو لاتے ہوئے خود سے عہد کیا وہی عزیت تمہارا مقدر نا بنائی جو تمہاری عزیز ترین ہستی کی وجہ سے میری عزیز ترین ہستی کا مقدر بنی تھی تو زریاب خود ہی خود کو مار ڈالے گا

وہ لوگ مکہ پہنچتے ہی طواف کعبہ کیلیئے چلے گئے طواف کعبہ کے بعد نوافل ادا کر کے سب اپنی اپنی دعا مانگنے میں مگن تھے اور صحن الحرم میں موجود ایک ہستی کے دعا مانگتے ہاتھ اچانک سے گود میں گرے تھے اسے لگا اسکا وہم ہے مگر نہیں یہ قرآن پاک کی تلاوت خواب میں سنائی نہیں دے رہی تھی بلکہ حقیقت میں سنائی دے رہی تھی

یہ قرآن پاک کی تلاوت کا انداز اور آواز وہ کیسے بھول سکتی تھی بے اختیار آواز کی جانب اسنے قدم بڑھائے تھے دل سے صدا نکلی یارب تونے مجھ گناہگار کی دعا پر کن کہہ دیا ہو اور پلر کے دائیں جانب آتے ہی جیسے کسی نے اسکے پاوں زمین سے چپکا دیے ہوں آنسو ایک نا رکنے والے سلسلے سے آنکھوں سے بہتے جا رہے تھے وہ چلتے چلتے اسکے بالکل قریب پہنچ گئی اور اسکے ساتھ خالی جگہ پر بیٹھ گئی اور اسکے بے آواز آنسوؤں نے کس لمحے ہچکیوں کی شکل اختیار کی اسے بالکل خبر نا ہوئی سامنے بیٹھے مرد نے تلاوت ختم کی اور دعا کیلئے ہاتھ اٹھائے ارد گرد سے بالکل بے خبر ہی تھا وہ دعا مانگتے ہوئے اسکے رخسار پے آنسو بہنے لگے اور عینا نے قرب سے آنکھیں بند کر لی وہ کب اسے روتا ہوا دیکھ سکتی تھی اسنے دعا مانگتے کے بعد قبولیت کے یقین پر آمین کہا اور ماضی کی ایک یاد کو ذہن میں دہراتے ہوئے اسکے لبوں پر مسکراہٹ آگئی جب وہ اٹھارہ سال کا تھا اور وہ سولہ سال کی تھی تو سبکی رضامندی اور موجودگی میں اسنے اللہ جی کے گھر میں بیٹھ کر پوری رضامندی اور دل سے اسکو نکاح کر کے اپنی منکوحہ کی حیثیت سے نوازا تھا کتنے خوش تھے وہ دونوں اپنی خاموش محبتوں کو الفاظ کا لباس پہنا کر کتنی معصومیت اور خوبصورتی سے انہوں نے ایک دوسرے پر اپنے اندر کے راز افشا کیے تھے وہ نا جانے اور کتنا وقت انہی لمحوں کی خوبصورتی میں کھویا رہتا کے آنکھیں پکارنے والے کی آواز اور انداز پر بے اختیار کھلی اور نظر آواز کی سمت جاتے ہی واپس پلٹنا بھول گئی وہ آنسوؤں اور ہچکیوں کی زد میں کیا نام پکار رہی تھی اسے خود اندازہ نا ہوا

ملک میرے ملک

اللہ جی کیسے شکر ادا کروں آپکا اسنے اسکا چہرہ اپنے ہاتھوں کے پیالے میں لیا اور اسکی پکار کا جواب ویسے ہی دیا جیسے اب سے چند سال پہلے دیتا تھا عینا میری جان اور اسکا ہاتھ پکڑ کے خود سے دو قدم پیچھے کیا اور دونوں نے شکرانے کے نوافل ادا کیے کیسے نا کرتے اس رب کا شکر جسنے انکی دعاؤں کو قبول کیا تھا جسنے انکو آج انکے صبر

کرنے کا انعام پھر سے مل جانے کی صورت میں دیا تھا شکرانے کے نوافل ادا کرنے اور دعا مانگنے کے بعد وہ اسکا ہاتھ تھامے چلنے لگا اور وہ بس اسکے ساتھ قدم سے قدم ملائے چلے جا رہی تھی ہر بات اور فکر سے بے پرواہ ہوئے وہ اسے البیک ہوٹل جو کے کعبہ کے بالکل سامنے تھا میں لایا اور کونے والی جگہ کا انتخاب کیا اور اسے اپنے سامنے والی کرسی پر بٹھایا مگر اس سب میں اسکا ہاتھ نہیں چھوڑا تھا

کیسی ہو عینا میری جان؟؟؟؟

ملک آپنے کہا تھا آپ جلد ہی مجھے لینے آو گئے تو کیوں نہیں آئے کیا آپ نہیں واقف تھے میں آپکا انتظار کر رہی تھی کیوں آپ نے پلٹ کر اپنی عینا کو نہیں پوچھا ہچکیوں کے سبب مزید بولنا مشکل ہو گیا تھا اسکے لیے وہ جانتا تھا اس وقت وہ اگر عینا کے سب سوالوں کے جواب دے سکتا تھا تو اسکے لیے تنہائی ضروری ہے وہ کسی کے سامنے اپنی منکوحہ کا تماشا بنتے برداشت نہیں کر سکتا تھا

عینا میری جان یہ لو کارڈ اس میں میرے سب نمبرز موجود ہیں پاکستان جا کر مجھ سے رابطہ کرنا اسنے شکوے بھری نظروں سے اسکی جانب دیکھا تو اسنے اپنی اسکیلئے محبت سے بھرپور نظروں کو اسکی شکوے بھری نظروں میں گاڑ دیا میں جانتا ہوں سب جاننے کے بعد تمہارا ردعمل کیا ہو گا اس لیے مجھے اور تمہیں مکمل تنہائی چاہیئے تو بہتر ہے جہاں اتنے سال گزر گئے کچھ دن اور گزار لو....

آو آپکو آپکی بلڈنگ تک پہنچا دو اور سارا راستہ وہ بس ایک دوسرے کو خاموشی سے اپنی اپنی جدائی کی ازیت سناتے رہے اور پھر ملک نے خاموشی کو توڑا عینا آپکی منزل آ گئی ہے میری منزل تو آپ ہیں ملک اوہ عینا میری جان آپ اندر جاو اور اب کے اسنے اسکے ہاتھ کو چھوڑ دیا جو کے جانے کب سے اسکے ہاتھ میں تھا آگے بڑھ کے

اپنے لب اسکی پیشانی پر رکھ دیے اور نکاح کے بعد آج پہلی بار اسنے اس پر اپنا حق جتایا تھا عینا تو پورے وجود سے کانپ گئی تھی کب ملک نے ایسی جسارت کی تھی جو نہی اسنے اپنے لب ہٹا کر اسکے چہرے کو دیکھا تو شرم و حیا کے جو رنگ اسکے چہرے پر تھے اور جھکے سر نے ملک کو کھل کر ہنسنے پر مجبور کر دیا اور اسکے قہقے پر وہ اندر کی جانب بھاگ گئی جبکے ملک کے قہقہے نے اور زور پکڑ لیا تھا

اعناب بات سنو جی بھائی بولیں ابصار مجھے کچھ پریشان لگتی ہے رات میں وہ ڈر بھی گئی تھی یہ کب ہوا اسحار بھائی اور آپنے مجھے یا خالہ کو کیوں نہیں جگایا تم بھول رہی رات میں وہ اور میں جلدی واپس آ گئے تھے اسے تھکاوٹ کی وجہ سے نیند آئی تھی مگر تھوڑی دیر بعد ہی وہ اٹھ کر چیخنے لگی کے مجھے چھوڑ دو مینے کچھ بھی نہیں کیا مینے اسے جھنجوڑ کر جگایا تو میرے سینے سے لگی بہت تڑپ تڑپ کے روئی وہ اسکی حالت بہت بری تھی مجھے بہت فکر ہے اسکی کہیں وہ پھر سے اپنے اپکو نقصان پہچانے لگ گئی تو.... شیش چپ آگے ایک لفظ نا بولنا اللہ جی سب خیر کریں گے اسے کچھ نہیں ہو گا

اللہ جی تمہاری زبان مبارک کرے ورنہ میں کیا جواب دونگا نہیں کیسے انکو انکی امانت لوٹا پاؤ گا اگر اسے کچھ ہوا تو میرے دل پر بہت بڑا بوجھ آ جائے گا یہ بات سکون نہیں لینے دے گی کی مینے امانت لوٹانے تک دی جانے والی مہلت میں غفلت برتی اور انکی امانت میں خیانت کر دی

ایسا کچھ نہیں ہے بھائی آپنے سب مکمل ایمانداری سے بہت خوب نبھایا آپ فکر نا کریں بس دعا کریں سب بھلا ہی ہو گا انشاء اللہ جی..... ہوم اللہ جی مجھے توفیق دے میں اس زمے داری کو بخیر و آفیت نبھالوں اور پھر اپنی بہنا اعناب کا گھر بسا دو بھائی پہلے آپکی شادی ہو گی پھر اپکی دلہن آنے کے بعد میری تسلی ہونے تک کے وہ اچھی ہیں

www.kitabnagri.com

آپکو اور مجھے اور ہمارے گھر کو اچھے سے سنبھال سکتی ہیں تو اپکو میں اجازت دو نگی کے آپ آپی کی شادی کرو ابصار کی آواز پر وہ چونکے انہیں فکر لاحق ہوئی کہیں اسنے سب سن نا لیا ہو مگر اسکی باتوں سے اندازہ نا لگا پائے کے اسنے سب سنا یا نہیں خالہ جان میرے کان مت کھینچیے درد ہوتی ہے درد کی بچی اکیلے اکیلے فیصلے کر کے حکم جاری کر رہی ہو یہ مت بھولو تم تینوں گھر کی بڑی میں ہوں اور میرا فیصلہ بلکہ حکم ہے تینوں کی شادی اکھٹی کرو نگی

آہ خالہ آپکی کونسی دشمنی ہے مجھ سے کیوں آپ اپنا خرچہ بچانے کیلیئے ہمارا مزا کرکرا کرنا چاہتی خالہ بنے خالہ ہمارے مزے کو دوبالا کریں اعناب اور اسحار کی اسکے انداز پر ہنسی بے قابو ہو رہی تھی جبکہ خالہ خطرناک تیور لیے اسکی جانب بڑھی ہی تھی کے وہ کمرے سے بھاگ جانے میں اپنی سلامتی جان کے بھاگ کھڑی ہوئی اور خالہ کی جوتی ہر بار کی طرح اس تک نا پہنچ پائی

میر کب تک دوبارہ سے ڈیوٹی پر آرہا ہے؟

سر اسکی چھٹی کی درخواست کے مطابق ابھی ایک ہفتہ رہتا ہے.... ہوم، اسکی والدہ اور ماموں کی زمے داری کس کی ہے؟

سر کالیا کی ہے اور میرا اس سے رابطہ ہے مسلسل. والدہ اب بہت بہتر ہیں انکی یاداشت کی واپسی میں کافی حد تک بہتری آئی ہے اس مہینے میں. الحمداللہ میرے مالک کا احسان ہے اور اس کے ماموں؟؟ وہ قومہ میں ہی ہیں.

اور انکی گفتگو کا سلسلہ آنے والے فون نے توڑ دیا.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شیزی کے جانے کے بعد ناز بھی اپنی کلاس کی طرف بڑھ گئی اسکو جو جگہ خالی نظر آئی خاموشی سے جا کر بیٹھ گئی جب ایک سرگوشی نے اسکی ڈھڑکن کو معمول سے تیز کر دیا جھوٹ کیوں بولا تھا آپ نے؟؟ وہ خاموش رہی کلاس شروع ہوئی ختم ہوئی وہ نا بولی سبحان نے اسکے بعد بہت کوشش کی اسکو منانے کی اس سے کئی مرتبہ معافی بھی مانگی مگر مقابل نا بولی اور کب سبحان کو اس سے محبت ہو گئی وہ خود نا سمجھ پایا صبح فجر کے وقت اسکی آنکھ کھلی اسنے نماز ادا کی اور اللہ جی سے دعا کی

یارب دلوں کے بھید تو خوب جانتا ہے مجھے جسکی تمنا تھی تو جانتا ہے میں اسے تجھ سے دعاؤں میں مانگتا رہا ہوں تو گواہ ہے میں نے اسی سے محبت کی ہے اسکے علاوہ نا کسی کو دیکھا تھا نا اسکے بعد کسی کی جانب متوجہ ہوا ہوں میرے رب دل پر جبر کرنا مشکل ہے بہت میرے لیے آسانی پیدا کر میرے رب. آمین

بابا جان مجھے اس رشتے پر کوئی اعتراض نہیں جہاں آپ چاہیں اور میری بہن خوش ہو گی میں وہی شادی کرونگی وہ یہ الفاظ کہہ کے گھر والوں کو پر سکون اور خود کو بے سکون کر چکی تھی آج یونیورسٹی میں پہلی دفعہ سبحان اور ناز ایک دوسرے سے نظریں چرا رہے تھے معلوم نہیں کیوں نا انکے درمیان محبت تھی نا اظہار محبت نا کوئی عہد و پیماں پھر کیوں وہ ایک دوسرے یا پھر اپنے آپ سے چھپ رہے تھے.

کاشان بہت خوش تھا اسے لگا اسکے بھائی نے ہاں کہہ کے اسے زندگی کی نوید سنا دی ہو. اگلے مہینے دونوں بھائیوں کے نکاح تھے ایک خوشی سے پاگل ہو رہا تھا تو دوسرا اندر ہی اندر گھٹ رہا تھا ناز تم خوش تو ہو نا؟ آپ کو کیا لگتا ہے بابا جان؟ میرے بچے تم اتنی ماہر ہو اپنا اندر چھپانے میں کے میں کبھی تمہیں سمجھ ہی نہیں پایا میرے پیارے

بابا ایسا کچھ نہیں ہے میں اپنے فیصلے سے مطمئن ہو یہ بات کہتے ہی دو سرخ اور اداس آنکھیں اسکے سامنے آگئی تھی

اور آج کی رات دو لوگ اللہ جی سے ایک دوسرے کیلئے ایک ہی دعا کر رہے تھے

یارب آج مینے اسے بہت تکلیف میں محسوس کیا اسکی آنکھیں شب خوابی کا ثبوت تھیں میرے رب میں واقف نہیں اسکی بے چینی اور پریشانی کی وجہ سے بس میرے رب دعا کرتی ہوں تو اسکے لیے آسانی پیدا کر دے. آمین

وہ جائے نماز رکھ رہی تھی جب کوئی اسکے کمرے میں داخل ہوا آتے ہی غصے میں بولنے لگی کوئی فکر بھی ہے تمہیں کے نہیں آخر کو اس حویلی کی لاڈلی بیٹیوں کی شادی ہونے جارہی ہے ناز اسکی بات پر صرف مسکرا ہی پائی کیا ہوا ہے شازیہ آپ کو کیوں غصہ کیے جارہی ہیں؟؟ حد ہوتی ہے لاپروائی کی ناز تمہیں چاہیئے تم بڑھ چڑھ کی ہماری شادی کی تیاری میں حصہ لو مگر تمہیں تو اپنی مصروفیات سے فرصت ہی نہیں اوہ تو اس بات کا غصہ ہے نہیں ایک بات اور بھی ہے اور کیا بات ہے وہ اصل میں مجھے نازیہ اس رشتے سے خوش نہیں لگ رہی بہت غلط بات ہے ویسے آپ کو اپنی نازیہ کیلئے ایسا نہیں سوچنا چاہیئے تھا آپ اسے جانتی ہیں ہاں جانتی ہوں اسی لیے تمہیں کہہ رہی ہوں اگر تم مجھے بتا دو اسکے دل کی بات تو میں پرسکون ہو جاونگی وہ خوش ہے بہت کے اسکی شادی ہونے والی ہے اور آپ اسے اسکی جان چھٹنے والی ہے بہت غلط بات ہے اب یہ بھی میں جانتی ہوں وہ کبھی مجھ سے الگ نہیں رہ سکتی اور میں اتنی آسانی سے اسکی جان چھوڑنے والی ہوں بھی نہیں ہاہاہاہاہاہاہا تو پھر ان وسوسوں کو دل سے نکال دیں شازیہ کی تسلی ہو چکی تھی وہ چلی گئی اور ناز آنکھیں موندے بستر پر لیٹ کر سسک پڑی معاف کرنا شازیہ مینے جھوٹ بولا پہلی دفعہ آپکی نازیہ بہت تکلیف میں ہے وہ پاگل محبت کر بیٹھی ہے سبحان نامی انسان سے.

سب کے سو جانے کا اطمینان کر کے ابصار اٹھی اور وضو کر کے باہر نکل گئی اسکا رخ الحرم کی جانب تھا وہاں جا کر اسنے سب سے پہلے کعبہ کے بالکل سامنے اپنے لیے جگہ تلاش کی اور بیٹھ کر کافی دیر تک آنکھیں بند کیے سسکتی رہی ہاتھ دعا کیلیئے اٹھائے ہوئے تھے مگر لب پر کوئی دعا نا تھی دل، دماغ اور زبان پر بس ایک ہی جملہ تھا

فبای الاء ربکما تکذبان

اسے محسوس ہوا کسی نے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھا ہے اسنے آنکھیں کھولی تو سامنے ایک لڑکا تھا جسنے منہ پر ماسک پہنا ہوا تھا جو کے اسنے مدینہ اور مکہ میں کافی لوگوں کو پہنے ہوئے دیکھا تھا وہ اسکے ساتھ ہی جگہ بنا کر بیٹھ گیا کیوں اتنا روتی ہوں کیوں خود کو عزیت دیتی ہوں کہا تھا نا خود بھی سکون سے رہو اور مجھے بھی رہنے دو کیا تمہیں نہیں معلوم کے تمہارے اتنے رونے اور سوچنے سے کیا ہو گا؟ تمہاری تو اس سب میں کوئی غلطی نہیں تھی پھر کیوں خود کو عزیت دیتی ہو؟ تمہارے یہ سب کرنے سے گزرا وقت لوٹ آئے گا؟ نہیں....اس سارے وقت میں وہ پہلا لفظ بولی تھی.... مجھ سے نکاح کرو گی؟ اسکی بات پر وہ کتنے پل بولنے کے قابل نہیں رہی.....ابصار میں جانتا ہوں یہ سب کرنا تمہارے لیے مشکل ہو گا مگر میں جب تمہیں دیکھتا ہوں خود کو روک نہیں پاتا اور میں ہرگز نہیں چاہتا کے تمہیں نا محرم ہوتے ہوئے چھووں میں خود بھی گناہگار ہوتا ہوں اور تمہیں بھی کرتا ہوں کیا ضروری نہیں کے ہمارا درمیاں ایسا رشتہ ہو جسکی بنیاد پر ہمیں ایک دوسرے سے بات کرنے، دیکھنے اور چھونے پر گناہ کا احساس نا ہو

میں تیار ہوں نکاح کیلیئے اور پھر اللہ جی کرم خاص ہوا کعبہ میں انکا نکاح ہوا اسکے بعد علی نے اسکا ہاتھ تھاما اور دونوں نے مل کر طواف کعبہ پھر سعی کی نوافل ادا کیے اور اسکے بعد ایک کونے میں بیٹھ گئے بیٹھتے ہی ابصار نے

اپنا سر اسکے کندھے پر رکھ دیا وہ مکمل سکون میں تھی آج پانچ سال بعد علی نے اپنا ماسک اتار دیا اور بولنے لگا

ابصار یاد ہے سب؟ اسنے سر اٹھا کے علی کی طرف دیکھا اسکے دل پر ہاتھ رکھا اور کہنا شروع کیا

یا اللہ جی میں تجھ سے ہر ایک کے لیے خیر و بھلائی مانگتی ہوں

بہترین علم... بہترین عمل... اچھی صحت.... ایمان والی زندگی.... آسان موت... خاتمہ بالخیر

اے اللہ میں تجھ سے مانگتی ہوں... جب تک تو ہمیں زندہ رکھے ایمان اور نیک اعمال والی زندگی عطا کرے..... اور جب موت دے تو اپنی رضا والی موت دے... تو ہماری ملاقات کو پسند کرنے والا ہو.... ہم تیری ملاقات کے خواہش مند ہوں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اے اللہ میں تجھ سے مانگتی ہوں صحت بیماروں کے لیے...

آسانیاں مشکل میں پڑے لوگوں کے لیے

صراط مستقیم ہم بھٹکے ہوؤں کے لیے

دین کی سمجھ ہم کم علموں کے لیے

اولاد بے اولادوں کے لیے

نیک ہم سفر ہر لڑکی کے لیے

ازداجی سکون ہر میاں بیوی کے لیے

اولاد والوں کو اولاد کی اچھی تربیت کرنے والا بنا... انہیں اولاد کی خوشیاں دیکھنا نصیب فرما... ان کی اولاد کو ان کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنادے...

اے اللہ جن کے والدین دنیا سے رخصت ہو گے... انہیں ان کے والدین کے لیے صدقہ جاریہ بنادے... انہیں اپنے والدین کی تربیت کا نام روشن کرنے والا بنادے

اے اللہ ہم میں سے ہمارے اپنے جو فوت ہو کر تیرے پاس آگئے ہیں ان سب کی اور ہماری مغفرت فرمادے... یا اللہ ہم سب کو عذاب قبر سے بچانا... قبر کی تاریکی قبر کی ہولنا کی قبر کی وحشت سے قبر کے بھیچنے سے قبر کے کیڑوں مکوڑوں سے محفوظ فرمانا.. یا اللہ ہم سب کی قبروں کو بقیع نور بنادے... جنت کے باغوں میں سے ایک باغ بنادینا... جہنم کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا نا بنانا... یا اللہ قبر میں حساب کتاب کے وقت ثابت قدم رکھنا... منکر نکیرین کے سوال کا جواب آسان فرمادینا... قرآن کو ہماری قبر کا ساتھی بنادینا... ہمارے روزے.. ہماری نمازوں ہمارے نیک اعمال کو ہماری قبر کی روشنی کا سبب بنادینا

یا اللہ ہم نیک ہیں تو نیکیوں میں اضافہ فرما بد ہیں تو برائیوں کو اپنی رحمت سے مٹادے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اے رحم کرنے والے ہم سب پر رحم فرما

اے اللہ ہمارے کمانے والوں کو حلال رزق کمانے والا بنا...اے اللہ ہم پر اپنے رزق کے دروازے ہماری زندگی کے آخری لمحے تک کھلے رکھنا...یااللہ ہمارے رزق میں برکت فرمانا...اے اللہ جو عطا کرر کھا ہے...اس میں سے اپنی راہ میں خرچ کرنے والا بنانا...اے اللہ جو دیا ہے اس پر قناعت نصیب فرمانا اور اپنا شکر گزار رکھنا..یااللہ اسراف...بخل سے بچانا..یااللہ اپنی ناشکری سے بچانا

اے دعاؤں کو سننے والے ہم ایک دوسرے کا خیر خواہ بنادے..ہمارے دلوں میں ایک دوسرے کے لیے محبت وانسیت پیدا کردے...یااللہ ہمارے دلوں کو ایک دوسرے کے خلاف کینہ, بغض حسد نفرت سے پاک کر دے....یااللہ مساکین غرباء اور پسندیدہ و محبوب لوگوں کی محبت عطا کر دے

یااللہ ہماری زبان کو جھوٹ سے محفوظ رکھ...ایک دوسرے کے خلاف بہتان اور تہمتوں کے لگانے سے محفوظ رکھ....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اے دلوں کے میل کو دھونے والے ہمارے دل ایک دوسرے کے لیے پاک کر دے...

ان میں اپنی مخلوق سے محبت کا جذبہ ڈال دے..

یااللہ ہمارے اپنے مسلمان بہن بھائی جو دنیا کے کسی بھی کونے میں موجود ہیں جو تیرے نام لیوا ہیں اور ظلم و ستم کا شکار ہیں یااللہ ان کی بالخصوص مدد فرما...یااللہ ان کے لیے مدد گار پیدا فرما...یااللہ ان کی اور ہم سب کی عزت و آبرو جان و مال کی حفاظت فرما

یااللہ اے دعاؤں کو سننے والے ہم سب کو اپنے گھر مکہ و مدینہ کی زیارت نصیب فرما....اے اللہ ان پاک جگہوں میں جا کر عبادت کرنے والوں میں ہمارا نام بھی لکھ دے

یااللہ ہم نہیں جانتے ہمارے لیے کیا بہتر ہے کیا بہتر نہیں ہے تو اپنے فضل کے ذریعہ وہ عطا کرے جو ہمارے لیے اچھا ہے اور اس چیز کو ہم سے دور کر دے جو ہمارے لیے بہتر نہیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اے اللہ وہ لوگ..وہ چیزیں وہ کام جو ہمیں تجھ سے دور کریں تو ان کو ہم سے دور کر دے...اور جو چیز. لوگ..اور کام ہمیں تیرے قریب کر دیں ہمیں وہ نصیب فرما

اے اللہ اپنی محبت..اپنی قربت...اپنی رحمت عطا کر

یااللہ ہمیں جنت کے بالا خانے نصیب فرمانا..یااللہ جنت الفردوس میں جگہ نصیب فرمانا... جہنم کی آگ سے بچانا....بے شک وہ بڑے بدترین جگہ ہے

یااللہ ہماری روح...ہمارے نفس کو گناہوں کے بوجھ سے آزاد کر دے....یااللہ ہمارے نامہ اعمال سے برائیوں کو مٹادے...یااللہ روز قیامت دائیں ہاتھ میں نامہ اعمال دینا...نیکی والا پلڑا بھاری کر دینا....اور گناہوں والے کو اپنی رحمت سے ہلکا کرنا

یااللہ اپنے عرش کے سایہ میں جگہ نصیب فرمانا...نبی پاکؐ کی شفاعت نصیب فرمانا ان کے ہاتھوں جام کوثر نصیب فرمانا...پل صراط پر سے گزر آسان فرمانا

انبیاء صدیقین شہداء اور نیک لوگوں کے ساتھ رکھنا...

متکبرین اور اپنے لعنت کے مستحق لوگوں کے ساتھ حشر نا فرمانا

اے اللہ اے سن لینے والے۔اے مہربان رب..اے رحم کرنے والے مدد فرمانا..رحم فرمانا....جنت نصیب فرمانا جہنم سے دور کر دینا

اے اللہ آج کی رات تقدیریں لکھنے کی رات ہے...یا اللہ ہم سب کی تقدیر میں آسانیاں بھلائیاں...اور اپنی رحمتیں لکھ دینا

اے اللہ تجھ سے مانگنے کو بہت کچھ ہے..اور بے شک تو سب عطا کرنے پر قادر ہے...بس ہمیں وہ سب خیر عطا کر جس کا سوال تجھ سے نبیؐ کیا کرتے تھے اور ہر اس شر سے محفوظ رکھنا جس شر سے نبیؐ پناہ مانگا کرتے تھے

اے اللہ ہمیں اچھے اخلاق عطا کرنا....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اے اللہ جو مانگ سکی ہوں وہ بھی میرے سب اپنوں کو عطا کرنا....اور جو نہیں مانگ سکی مگر دل کی جائز خواہش اور چاہت ہے وہ بھی عطا کرنا

اے اللہ میں نہیں جانتی کس کی کیا ضرورت... کیا خواہش کیا تکلیف کیا پریشانی ہے جسے لے کر وہ تیرے سامنے ہاتھ اٹھائے کھڑا ہے.... مگر بس یہ چاہتی ہوں کہ آج کی رات تو ہم سب کی دعاؤں کو قبول و منظور فرما لے

اے اللہ تیرے گناہگار بندے تیرے سامنے ہاتھ اٹھائے... اپنے گناہوں پر سر جھکائے.. روتے بلکتے گڑگڑاتے تجھ سے مانگ رہے ہیں اے اللہ ہم سب کی دعائیں قبول کرنے والے

یاودود یاودود یاودود

یاحی یاقیوم برحمتک استغث

* آمین یارب العالمین *

علی تو حیران ہی رہ گیا تھا وہ کتنا بدل گئی ہے اسکے الفاظ میں کتنی سچائی اور درد شامل ہو گیا ہے اپنے دل پر رکھے اسکے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھے اسنے کہا

اللہ جی قبول کریں

انہوں نے آفیسر کو خاموش رہنے کا اشارہ کرتے ہوئے فون سنا اور فون سنتے ہی انکو لگا کسی نے انکے جسم سے خون نچوڑ لیا ہو کیا ہوا سر سب خیریت ہے میری میر سے بات کروانا جی سر ابھی

ہاں ابھی کے ابھی

میر کی نیند فون کی آواز سے ٹوٹی تھی اسنے فون کرنے والے کا نام پڑھتے ہی نیند کو بھگایا اور فون مکمل توجہ سے سننے کی کوشش کی میر اس بار اسکا حدف تم ہو میرے بہادر اور مجھے یقین ہے وہ تمہارے بارے میں مکمل معلومات حاصل کر چکا ہو گا سر آپ فکر نا کریں اسکے پاس میرے بارے میں مکمل اور صحیح معلومات نہیں ہوں گی ورنہ اسکا حدف کبھی میری زات نا ہوتی میر ابص کا خیال رکھنا تم جانتے ہو وہ مجھے بہت عزیز ہے اسنے بہت مشکل زندگی گزاری ہے اب تو اسکے سکون بھرے دن شروع ہونے تھے آپ بالکل بے فکر ہو جائیں آپکو معلوم ہے وہ میرے لیے سب سے اہم ہے اسکی طرف کسی کو دیکھنے بھی نہیں دونگا کچھ دیر مزید بات کرنے کے بعد اسنے فون بند کر کے اپنے قریب لیٹے وجود کی طرف دیکھا جو سوئی ہوئی کسی معصوم بچی سے کم نہیں لگ رہی تھی فون سائیڈ پے رکھ کے وہ اسکی طرف کروٹ لیے لیٹ گیا اپنی شہادت کی انگلی اسکی آنکھوں کے ارد گرد موجود حلقوں پے گھمانے لگا آپکو ناخود چین ہے نا مجھے سکون سے سونے دیں گے اسکی بات پر میر کے لبوں پے جانلیوا گہری مسکراہٹ نے احاطہ کیا تو میری پیاری سی بیوی نمبر 2 بتا دیتی کے وہ جاگ جاتی ہے تا کہ میں انکی نیند میں خلل نہ ڈالتا ابص نے آنکھیں کھول کر اسے گھورا اور دوسری طرف کروٹ لی جو کہ صاف علامت تھی کہ میر نے اسکی نیند خراب کی اور دوسرا اسے پھر سے احساس دلایا کہ وہ بیوی نمبر 2 ہے یار سوری تمہیں پتا ہے میری زبان پھسلتی ہے آپکی یہ زبان کبھی پہلی بیوی کے آگے کیوں نہیں پھسلتی ؟؟ فوراً سے جواب آیا تھا جسنے میر کو سر کھجانے پر مجبور کر دیا اب کے میر کو ایک ہی حل سمجھ آیا اسنے زبردستی ابص کا رخ اپنی جانب کیا اور

اسے اپنے آغوش میں چھپا لیا ابص نے خود کو اسکے حصار سے نکالنے کی کوشش کی تو میر نے دھمکی دی اگر تم باز نا آئی تو مجھ سے گلا مٹ کرنا وہ اسکی دھمکی میں چھپے مطلب کو سمجھتے ہوئے پورے وجود سے کانپ گئی اور فورا مزاحت ترک کر کے سوتی بن گئی اسکی اس حرکت پر کافی دیر تک کمرے میں میر کا قہقہہ گونجتا رہا

وہ اپنی کلاس لے کر نکلا ہی تھا کے کسی نے اسکے پاس سے گزرتے ہوئے سرگوشی میں کہا صبح 12:25 پر کافی شوپ کہنا والا رکا نہیں کیونکہ وہ صرف اپنا کام کرنے آیا تھا کیا اور چلا گیا سبحان نے گھڑی پر وقت دیکھا تو دن کے 1:45 ہو رہے تھے نماز کا وقت ہو چکا وہ یونیورسیٹی میں نماز پڑھنے کی جگہ کی طرف بڑھ گیا

ناز کی پوری یونیورسیٹی میں صرف ایک ہی لڑکی سے دوستی ہوئی تھی مہنا بہت معصوم اور سادہ طبیعت کی تھی اور مزاج دونوں کے ایک جیسے تھے اسی لیے بہت جلد بہت گہری دوستی ہو گئی تھی ناز ایک بات تو بتاو ہاں پوچھو مہنا اسنے مصروف سے انداز میں پوچھا ہماری یونیورسیٹی کی زندگی اپنے اختتام کو پہنچ گئی ہے کیا بعد میں بھی ہماری دوستی ایسے رہے گی تم ان چار سالوں میں کتنی مرتبہ مجھ سے یہی بات کر چکی ہو میرا جواب ہر بار والا ہی ہے کچھ بھی ہو جائے میں تمہیں نہیں چھوڑوں گی وعدہ منہا نے ہاتھ بڑھاتے ہوئے کہا اسنے منہا کی طرف دیکھا اور کہا اگر ان سب باتوں کے پیچھے چھپی حقیقت بتاو گی تو کرونگی وعدہ.......منہا کے چہرے نے رنگ بدلنا شروع کر دیے تھوڑی دیر تک جب وہ کچھ نا بولی تو ناز نے اسکے ہاتھ اپنے ہاتھوں میں تھام کر اسے احساس دلایا کے جو بھی بات ہوئی وہ اسکے ساتھ ہی ہو گی

درگاہ پر امی کے ساتھ گئی تھی وہاں اماں سین نے مجھے دیکھ کر امی سے کہا تھا اسے بہت سنبھال کر رکھنا اسکی طرف سے دشمن وہ نقصان پہنچائے گا جو کسی کے گمان میں نہیں ہو گا اور وہ سسک اٹھی ناز نے اسے اپنے سینے

سے لگا لیا کچھ نہیں ہو گا اللہ جی سب خیر کریں گے میری فکر نے میری ماں کو قبر تک پہنچا دیا ناز...... منہا میری جان صبر کرو اللہ جی کے ہر کام میں ہم انسانوں کیلئے مصلحت ہوتی ہے بس ہم نادان سمجھتے نہیں اسکی حکمت کو

کمرے کا حشر ہو چکا تھا اسحی کے ہاتھ جو لگا وہ مارتا جاتا کبھی محمد کو تو کبھی زریب کو اور وہ دونوں اپنے آپ کو اسکے پاگل پن سے بہت مشکل سے بچا رہے تھے آخر وہ تھک کے صوفے پر بیٹھ گیا اور غصے سے بولا شرم تو نا آئی تم لوگوں کو اور زریب تم سے تو مجھے ایسی امید نا تھی ارے میرے بھائی غصہ تھوک دو اب مینے کون سا کوئی گناہ کیا ہے تمہیں تو خوش ہونا چاہیئے کے بھائی نے نیکی کا کام کیا اسحی نے غصے سے اسکا گریبان پکڑا ہی تھا کے محمد نے اسے کندھے سے پکڑ کے پیچھے کیا یار بس کر دو اب تم مجھ سے دور رہو وعدہ خلاف مینے کیا کیا ہے بھائی؟؟؟؟

میری سکون کو غارت کر کے خود دونوں سکون پانے نکل پڑے او بس کر ڈرامے تیرے ساتھ وعدہ کی وجہ سے ابھی کنوارہ ہی بیٹھا ہوں..... سچ بول؟؟؟؟ ہاں بھائی سچ کہہ رہا ہوں تجھ سے وعدہ کیا تھا سہاگ رات اکھٹے منائے گے

استغفر اللہ میں بھابیوں کو بتاو گا کے انکے شوہر کیسی باتیں کرتے تھے انکی پلیننگز کیا تھیں؟؟؟؟ اپنے بارے میں کیا خیال ہے جو کام تم سرانجام دے چکے ہو.....

زریب نے نیچے منہ کر کے سر کھجانا شروع کر دیا اسحی کی طرف سے پھر دہائی آئی

کوئی مجھے بھی بتائے

میرا یار کہاں ہے

نظر ترس گئی دیدار کو

او دلدار تو کہا ہے

محمد اور زریب نے ایک دوسرے کو آنکھوں سے اشارے کیے اور اکھٹے گنگنانے لگے

ماہی میرا تاں ہلے باوں دور اے

اللہ جانڑے او کیڑی گلوں مجبور اے

مولا دی زات ملاوے وے شالا

ماہی میرا میرے گھر آوے وے شالا

اجڑی جوک وساوے وے

بلاشبہ وہ دونوں بہت خوبصورت گا رہے تھے مگر اس وقت انکا گانا صرف اسحیٰ کے زخموں پر نمک چھڑکنے برابر تھا اور انکے گانے کو بریک اسحیٰ کی طرف سے پھینکے ہوئے کشن نے لگائی

www.kitabnagri.com

میجر اندر موجود ہیں؟؟

جی کیپٹن صاحب وہ اندر ہی ہیں وہ دروازہ نوک کر کے اجازت ملنے پر اندر داخل ہوا

اسلام علیکم میجر فادر

وعلیکم اسلام کیپٹن سن

اور اٹھ کے اس سے بغل گیر ہوئے. کیسے ہو میر؟ الحمد اللہ سر. آپ سنائیں؟ اللہ جی کا کرم ہے. مبارک ہو بہت اللہ جی نے بہت کرم کیا بے شک کرم اس رب کا جو مجھ ناچیز کو وہاں بلانے کے قابل سمجھا بے شک میرے بہادر اور کیسا رہا سب؟ بہت اعلی سر....ملے ہو؟ آپسے ملاقات کر کے سیدھا ادھر ہی جاونگا چلو ٹھیک ہے جاو وہ منتظر ہونگی

درگاہ پر منہا آج ناز کے ساتھ آئی تھی وہ دونوں اماں سین سے ملنے کیلیئے آئی تھیں مگر وہاں ایک بزرگ نے بتایا کے وہ تو اللہ جی کو پیاری ہو گئی واپسی پر منہا اور ناز دونوں دکھی تھیں اور خاموش بھی شاید الفاظ ختم ہو گئے تھے

ناز کو اندازہ ہونا چاہیئے تھا اسکی آج گھر موجودگی بہت اہم تھی شازیہ کا غصے سے برا حال تھا جب سامنے سے آتے انسان کو دیکھ کر حیران رہ گئی تم یہاں کیا کر رہے ہو؟ یہی سوال میں بھی پوچھ سکتا ہوں یہ ہماری حویلی ہے اوہ معافی چاہتا ہوں مجھے اندازہ نہیں تھا یہ کہہ کے وہ پلٹا ہی تھا کے دوبارہ واپس مڑا اور کہا یہ آپکی حویلی ہے مطلب آپ ہی لوگ ہیں اسکی بات سمجھتے ہی وہ بھی خوش ہو گئی بہت مبارک ہو چھوٹے بھائی شکریہ اپکا اسے معلوم ہے نہیں اسے نہیں معلوم نا ہی ہونا چاہیئے مجھ سے بات چھپانے کی سزا ہے اوہ یہ تو غلط ہے بعد میں وہ مجھ سے بدلے لیتی رہے گی ہاہاہاہاہاہا تم اس سے ڈرتے ہو جی نہیں میں کسی سے ڈرتا نہیں ہوں اور اس سے تو بالکل نہیں جو مجھ سے چھپتی پھرے گاڑی کی آواز آنے پر شازیہ نے اس سے کہا وہ آگئی ہے تم جاو اگر اسنے دیکھ لیا تو سارا سرپرائز خراب ہو جائے گا وہ واپس جا رہا تھا کے سامنے سے دشمن جان آتی نظر ائی وہ دیوار کے ساتھ ایسے کھڑا ہوا کے نظر نا آئے وہ جو نہی اسکے پاس سے گزرنے لگی دل شرارت پے آمادہ ہوا اسنے اسکی بازو سے پکڑ کر اپنی طرف گھما کے اسکا سر اپنے سینے سے لگایا اور ہاتھ زور سے سر پے رکھا تا کہ وہ سر اٹھا کے اسے دیکھ نا پائے نازیہ پہلے ہی اپنی شادی کی وجہ سے بہت پریشان تھی اس اچانک ہونے والی افتاد پر بوکھلا گئی جب مقابل نے اسکے کان

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں سرگوشی کی میں منتظر ہوں اس وقت کا جب تم میری ملکیت میں ہوگی یہ کہہ کر اسکے دوپٹے کو اٹھا کے اسکے چہرے پر ڈالتے ہوئے وہ تیزی سے باہر نکل گیا جبکہ وہ اسے دیکھ ہی نا پائی

شازیہ آپکو باہر آپا بلا رہی ہیں اچھا جاتی ہوں کہاں ہیں وہ انہوں نے کہا ہے آپ چھت پر آ جاو شازیہ حیران ہوتے ہوئے چھت کی طرف چل پڑی جبکہ ناز شدت تکلیف کے سبب شازیہ کے کمرے سے جاتے ہی دروازہ لوک کیے رونے لگ گئی کیونکہ آج اسنے سبحان کو اپنی حویلی میں دیکھا تھا بابا سے اسکے بارے میں پوچھا تو انہوں نے بتایا کے وہ انکے دوست کا بیٹا ہے اپنی اور اپنے بھائی کی رسم نکاح کی دعوت دینے آیا تھا بابا کی بات سنتے ہی اسنے پوچھا کب ہے نکاح؟ اس جمعے کو. بابا آپ چچا سے بات کریں مجھے منگنی نہیں کرنی یہ ہماری روایت نہیں کرنا ہے تو نکاح کریں اسی جمعہ کو اور بابا تو اسکی بات پر پریشان ہو گئے کچھ کہنا چاہتے تھے مگر ناز نے کہا کے یہ میرا آخری فیصلہ ہے اور تیزی سے وہاں سے چلی گئی جب راستے میں اسے آپا نے شازیہ کیلئے پیغام دیا

اسکے زہن میں سبحان کا ہشاش بشاش چہرہ تھا وہ رو رہی تھی اوہ تو میری محبت یکطرفہ تھی

شازیہ چھت پر پہنچی مگر آپا نظر نا آئی اسنے آواز لگائی آپا آپ حد کرتی ہیں مجھے چھت پے کیوں بلوایا ہے؟ ایسی جگہوں پے محبوب ملاقاتیں کرتے ہیں اسکی بولتی بند ہو گئی سامنے کاشان گہری نظروں اور مسکراہٹ کے ساتھ اسے دیکھ رہا تھا تو محبوبہ سے ملاقات کے لیے ہی انکو یہاں بلوایا ہے

آپ؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟؟

جی میں وہ چلتے ہوئے اسکے قریب آیا اور اسکے ہاتھ پکڑ لیے میں تم سے پیار کرتا ہوں بہت زیادہ اور میں چاہتا تھا کے نکاح سے پہلے تمہیں اپنی کیفیت بتادو تاکہ اب سے تم خود کو خود کے پاس میری امانت سمجھو اور نکاح کیلئے تیار ہوتے وقت تمہارے دماغ خراب، دل اور سوچوں پے میں ہی ہاوی ہوں

جی ٹھیک ہے،، کیا ٹھیک ہے؟؟ وہی جو آپنے کہا اچھا اب نزدیک آو میرے

نہیں وہ کوئی دیکھ...... کوئی نہیں ہے یہاں.... اللہ جی ہیں یہاں ابھی آپ پلیز جائیں جب یہ سب جائز ہو گا میں خود آپکی جانب بڑھونگی اور وہ بنا کچھ کہے خاموشی سے چلا گیا......

درگاہ پے اماں سین کی جگہ ملنگنی نے لے لی جو بہتی کم بولتی اور نعرہ لگاتی

او حد مک جانی اے

تے تیری پکڑ اک دن ہو جانی اے

میر کمرے میں داخل ہوا تو انہوں نے آگے بڑھ کے اسے سینے سے لگالیا میرا چاند کیسا ہے تو؟

بالکل ٹھیک ہوں آپ کیسی ہیں؟؟؟؟؟

زندہ ہوں اب بھی

کیوں ایسی باتیں کرتی ہیں. آپکو ملنا ہے نا اپنی بیٹی سے

ہاں کہاں ہے وہ بہت دل کر رہا ہے اسے دیکھنے کو بڑی ہو گئی ہو گی اب تو؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جی بالکل ماشاءاللہ اس سال 19 کی ہو جائے گی.....ملوانے کب لاو گے؟؟؟؟؟

جب آپ دوائی وقت پر کھایا کریں گی اپنا خیال رکھیں گی اور ٹھیک ہو جائیں گی.

وعدہ کرتی ہوں سب کرونگی

میں بھی وعدہ کرتا ہوں ملوادونگا پھر.....

وہ سب واپس آ گئے تھے عمرہ سے اور اب پھر سے زندگی نے انکو مصروف کر دیا تھا مناب نے اکیڈمی جوائن کر لی جو باباجان اسے تعلیم مکمل کرنے پر بنوا کے دی تھی تاکہ وہ غریب بچوں اور بچیوں کی تعلیم کے سلسلے میں مدد کر سکے. منان نے اپنی ڈیوٹی دوبارہ شروع کر دی وہ ڈاکٹر تھا جبکہ زریاب اسلام آباد واپس ہوسٹل چلا گیا کیونکہ وہ طالبعلم تھا

اسحار یونیورسیٹی میں لیکچرار تھا اعناب خالہ کے ساتھ محلے کے بچوں کو دینی تعلیم دیتی تھی انہوں نے مل کر گھر کے ایک حصے کو بہت خوبصورت مدرسہ بنا دیا تھا مناب کا bsc کا رزلٹ آنا تھا

جگہ بالکل ویران تھی اس نے ساتھ کھڑے اپنے مینیجر سے کہا اس پلاٹ کے اطراف میں دیوار ڈلوا دو دیوار چاروں اطراف سے ہو لمبائی اتنی کے کوئی اندر جھانک نا پائے مینیجر نے سامنے کھڑے لڑکے کو دیکھا جو اب گلاسیز لگائے اپنی گاڑی کی جانب چل پڑا تھا بمشکل 23 سال کا لگتا تھا اور حسن تو اللہ جی نے اسے بے تحاشا دیا تھا وہ اپنی سوچ جھٹکتے ہوئے گاڑی کی جانب چل پڑے کیونکہ وہ جانتے تھے ہارش کو نفرت ہے انتظار سے....

اس دن کے بعد ناز یونیورسیٹی ناگئی شازیہ نکاح سے ایک دن پہلے نازیہ کے کمرے میں گئی وہ شاید نہا کر نکلی تھی کیا ہوا رک کیوں گئی آجاو اندر مجھے کچھ بات کرنی ہے تم سے میں ہماتن گوش ہوں آپ کہیں کیا کہنا ہے تم سنجیدہ کب ہو گی شاید کل اپنے نکاح کے وقت مجھے نکاح کے وقت تمہاری جگہ ناز چاہیئے میں اسے اس طرح عزیت میں نہیں دیکھ سکتی میں جانتی ہوں ناز کو سبحان سے محبت ہے اور یہ بھی میں جانتی ہوں اگر کل تمہاری جگہ ناز ہو وہاں نکاح کے وقت تو یہ بہت اچھا ہو گا جس شخص کا انتخاب بابا نے نازیہ کیلیئے کیا وہ صرف ناز کے قابل ہے وہ اسے بہت اچھے سے سنبھال لے گا اور اسکی بے چین روح کو پر سکون کرنا اس سے بہتر کوئی نہیں کر پائے گا وہ یہ کہہ کر جانے لگی کے پلٹ کر اسے کہا ناز سے کہنا شیزی بہت اداس ہے اسکے بغیر روتی ہے وہ کم از کم اسے تو بتاتی اپنا حال دل نازیہ کتنی دیر تک سکتے میں رہی اسے خود خبر نا ہوئی یہ راز تو اللہ جی ناز اور نازیہ کے درمیاں تھا شازیہ کو کیسے پتا چلا؟؟؟

اور وقت آگیا نکاح ہو گئے نکاح کے وقت کس نے کیا بولا کیا کہا کیا تحفہ دیا اسے وہ اس سب سے بے خبر بس یہ سوچ رہی تھی کے سبحان کا نکاح ہو چکا ہو گا؟؟؟؟ جبھی اچانک سے بابا نے کہا بیٹا وہ رخصتی کا کہہ رہے ہیں بابا جو آپ کو مناسب لگے کر دیں اسے کوئی فرق نا پڑتا تھا نکاح ہو گیا تو رخصتی سے کیا بھاگنا؟؟؟؟؟؟؟؟

بہت مبارک ہو میری گڑیا نے ہر سال کی طرح ٹاپ کیا ہے ماشاءاللہ سے سب سے مبارک اور تحفے وصول کرنے کے بعد وہ سب گھر والوں کے ساتھ کھانا کھانے باہر گئی پھر اسی کی فرمائش پے اسحار انہیں آئسکریم کھلانے لے گیا خالہ، اعناب اور ابصار کو ایک جگہ بٹھا کے وہ آئسکریم آڈر کرنے جا رہا تھا جب اسکو کسی کے ہنسنے کی آواز نے رکنے پر مجبور کیا مناب کسی بات پر ہنستی جا رہی تھی کے ہنسنا قہقہے میں بدل گیا اسے لگا اسنے آج سے پہلے اس طرح شاید ہی کسی لڑکی کو ہنستے دیکھا ہو ہنسنے کی وجہ سے مناب کی آنکھوں میں پانی بھر گیا تھا اسے آج

منان لا یا تھا کیونکہ آج وہ فری تھا اور اپنا وقت اسے ہی دیتے جب بھی منان اور زریاب فارغ ہوتے.... اسحار کو ایک ہی جگہ کھڑے دیکھ کر اعناب اسکے پیچھے آئی تھی کیا ہوا بھائی رک کیوں گے ؟؟؟؟ کچھ نہیں تم جاو میں آتا ہوں وہ واپس جا رہی تھی کے کسی نے اسے جھٹکے سے اپنی جانب کھینچا خوف سے اسکے منہ سے چیخ نکلنے والی تھی جب مقابل نے اسکے چہرے پے ہاتھ رکھ دیا

آئندہ بنا نقاب کے گھر سے باہر نکلی تو وہ حشر کرونگا کے کمرے سے بھی باہر نہیں نکلو گی اور پھر کسطرح آنا اور کیسے چلا گیا وہ نا جان پائی آئسکریم سب خاموشی سے کھا رہے تھے تینوں اپنی اپنی سوچ میں گم تھے ابصار ناراض تھی کے علی نے اسے مبارک کیوں نا دی ؟ منان گم تھا اس لڑکی کی فکر میں وہ سمجھنے سے قاصر تھا مسکراہٹ جھوٹی تھی یا آنکھوں میں نمی اور اعناب تو خوف سے خاموش تھی

اسے لا کر دلہا کے کمرے میں بٹھا دیا گیا وہ رسموں اور تھکاوٹ کی وجہ سے چڑچڑی ہوئی بیٹھی تھی جب اسے شیزی کی آواز آئی تم یہاں کیا کر رہی ہو صبح سے موقع ڈھونڈ رہی تھی مگر اب آ کے ملا ہے مجھ سے وعدہ کرو کے جو بھی حقیقت واضح ہونے والی ہے اب سے تھوڑی دیر بعد اسکے بعد نازیہ بھلے شازیہ سے ناراض ہو جائے شیزی سے ناز بالکل ناراض نا ہو شازیہ عرف شیزی آپکا دماغ خراب ہو گیا ہے جاو اپنے کمرے میں سب کیا سوچیں گئے نازیہ عرف ناز مجھے کسی کی سوچ سے فرق نہیں پڑتا وعدہ کرو پھر جاو نگی اچھا میری ماں وعدہ

پکا والا ؟؟؟

ہاں، پکا وعدہ......

اب جاو یہاں سے ہاں ہاں جا رہی ہوں وہ جونہی کمرے سے نکلی تو سامنے سے آتے ہوئے کاشان سے ٹکرا گئی

ارے دیکھ کر چلو تم یہاں کیا کر رہی ہو؟؟؟؟؟

میں آپکو لینے جا رہی تھی

آہاں یہ پہلی دلہن ہے جو انتظار کرنے کے کمرے میں بیٹھنے کے بجائے خود دلہا کو لینے نکل پڑی

میں سمجھی آپ اس دن ناراض ہو گئے تھے شاید اسی لیے آج کمرے میں نا آئیں تو آپکو منانے آ رہی تھی وہ ایک دم سے سنجیدہ ہوا چلیں کمرے میں چل کر بات کرتے ہیں وہ اسکے پیچھے چل پڑی جبکہ دل میں ڈر نے جگہ لے لی کے واقعی یہ ناراض ہیں.......

وہ لوگ آئسکریم کھانے کے بعد واپس گھر آ گئے اسحار نے دروازے کھڑکیاں چیک کرنی شروع کی اعناب اور ابصار اپنے کمرے کی طرف بڑھنے لگی تو خالہ نے آواز لگائی دونوں اپنے کمروں کے دروازے بند کر کے اور نماز پڑھ کے سونا یاد ہے خالہ ہمیں کے سونے سے پہلے کیا کرتے ہیں ابصار بہت چڑھانے لگی تھی آجکل انہیں اعناب نے اس وقت ان خالہ بھانجی کی لڑائی سے بچنے کیلئے کہا کوئی چائے پیے گا؟؟

کہاں سے لی تھی آپ لوگوں نے یہ لڑکی جو آئسکریم کھانے کے بعد چائے کا پوچھتی ہے اور یونہی بولتے ہوئے اپنے کمرے میں چلی گئی......اسحار اب سارے گھر کی لائٹیں دیکھتا پھر رہا تھا جب موبائل پے میسج آیا

محبت کچھ نہیں ہوتی

ہجر کا خوف بھی مطلب

وصل کا خواب بے معنی

نگاہوں میں کوئی صورت کہاں دن رات رہتی ہے؟

محبت کچھ نہیں ہوتی

وہ خاموش کیسی ہوتی ہے؟

کہ جس میں بات رہتی ہے

یہ آنسو بے زبان آنسو

بھلا کیا بول سکتے ہیں؟

اور اس کی نرم پلکوں پہ

نمی دن رات رہتی ہے

محبت کچھ نہیں ہوتی

مجھے وہ اکثر دن رات کہتا تھا

مگر

آج برسوں بعد

میں نے اسکو دیکھا ہے

تو اب اسکی نگاہوں میں

ہجر کا خوف رہتا ہے

وصل کے خواب بستے ہیں

یوں لگتا ہے کہ برسوں سے

وہ سویا بھی نہیں شاید

یوں لگتا ہے کسی کی یاد برسوں سے

اسے دن رات رہتی ہے

اور اسکی خاموشی ایسی

کہ جس میں بات رہتی ہے

اور اسکی جھیل آنکھوں کے

حسین سائے بھی گیلے ہیں

مجھے اب وہ نہیں کہتا

محبت کچھ نہیں ہوتی...........

یہ پڑھتے ہی اسحار نے موبائل واپس جیب میں ڈالا اور اپنا کام مکمل کر کے کمرے میں جا کر نماز ادا کی اسکے بعد دوبارہ سے اس میسج کو پڑھا اب اسکی انگلیاں ٹائپنگ کرنے لگیں

Missing

Love♥

لکھا اور بھیج دیا نمبر کو اسنے اپنے موبائل میں contacts میں شامل کرنا چاہا تو سوچنے لگا کس نام سے کروں اور 5 منٹ بعد موزوں لفظ مل ہی گیا

خطرے کی گھنٹی

نام لکھتے ہوئے اسکی مسکراہٹ بہت گہری ہو رہی تھی جب جوابی میسج آیا

I want divorce from you. I didn't want to continue this relationship because this relationship is nothing except a depression.

اسکی مسکراہٹ ایک دم سے غائب ہوئی تھی اسنے کال ملائی مگر جواب نا آیا بار بار کال کرنے کا جب جواب نا ملا تو اسنے جوگرز پہنے اپنی پسٹل اٹھائی اور گاڑی نکال کر گھر سے نکل گیا

کیا بات ہے مناب ابھی تک سوئی نہیں وہ مجھے نیند نہیں آ رہی تھی زریاب اوہ تو نیند کیوں نہیں آ رہی؟

پتا نہیں

یہ بھلا کیا بات ہوئی؟؟؟

بھائی اسے بولیں میرا دماغ ناخراب کرے منان بھائی اسے بولیں مجھے نیند نہیں آرہی کی وجہ بتائے

تم دونوں کو چپ نہیں آتی ہر وقت لڑائی ضروری ہے

وہ تو حیران رہ گئے بھلا اس سے پہلے کب منان نے اس انداز میں بات کی تھی ان سے. منان بیٹا یہ کیا طریقہ ہے بات کرنے کا

بابا جان یہ آپ ان دونوں کو سمجھائیں ہر وقت فضول باتوں پر الجھتے ہیں کہتے ہی وہ اپنے کمرے میں چلا گیا

فکر نا کرو میرے بچوں وہ کسی بات پر پریشان ہے کل خود ہی معافی مانگ رہا ہو گا

ابصار بستر پر لیٹی کتنی دیر تک روتی رہی اسے خود ہی خبر نا ہوئی اسے دکھ تھا علی نے اسے وش کیوں نہیں کیا موبائل اٹھا کر اسنے میسج لکھا

میں نہیں چاہتی تھی ماضی میں جو امی کے ساتھ ہوا وہ اب میرے ساتھ بھی ہوتا اسی لیے آپکی بات مان کر نکاح کر لیا مگر اب احساس ہو رہا ہے شاید آپنے مجھ پر ترس کھایا ہے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ آزاد ہو ہر طرح کے فیصلے کیلئے

میں جا رہی ہوں

میسج بھیجتے ہی اسنے موبائل پاور آف کر دیا اپنی چادر اٹھائی اور اپنے کمرے کی اس کھڑکی کو کھولا جو باہر سڑک کی طرف کھلتی تھی ایک نظر پیچھے مڑ کر دیکھا اور پھر باہر کی طرف منہ کیا تو سکتے میں چلی گئی

شازیہ کاشان کے پیچھے کمرے میں داخل ہوئی تو کاشان نے دروازے کو بند کر دیا اور اسکو لیے بیڈ پر آ گیا

کاشان وہ

شیش آواز نا آئے تمہاری مکمل توجہ سے مجھے سنو اگر اس دن میری پیش قدمی پر تم میری طرف بڑھتی تو یقین جانو اسی وقت رشتے سے انکار کر کے آتا میں تو یہی دیکھنے گیا تھا کے جسے میں نے دل دیا ہے وہ کردار کی کتنی مضبوط ہے

اب میں صرف تم سے محبت نہیں کرتا بلکہ عزت بھی کرتا ہوں اور اعتبار بھی کہتے ہوئے ایک خوبصورت سی چین اسکے گلے میں پہناتے ہوئے اسکے گال پر اپنی محبت کی پہلی مہر بھی لگا دی جسکے سبب شیزی کا رنگ تیزی سے سرخ ہوا تھا

ارے تم تو ابھی سے ٹماٹر بن رہی ہو ابھی تو میں نے کچھ کیا ہی نہیں توبہ کاشان

ہاہاہاہاہاہاہاہا جانی حد کرتی ہو اب تو تمام اختیارات ہیں میرے پاس یہ کہتے ہی وہ اسکی طرف جھکا تھا کے اسنے آہستہ سے کہا کاشان جی میری جان اور اسکی طرف دیکھ کر کہا آج کوئی معافی نہیں اور اسے احساس دلانے لگا کے وہ کتنا بیتاب تھا اسے پانے کیلیئے اسنے خود کو اسکی بیتابی کے حوالے کر دیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہارش کی گاڑی آ کر رکی تھی اس چار دیواری کے اندر خالی جگہ پے اسنے آواز لگائی اور ساتھ ہی ایک آدمی کچھ اوزار لیے وہاں موجود تھا بناو اسکی قبر جو حکم سر

ہارش وہیں بیٹھ گیا جب اسکے موبائل کی بیپ نے اسکی تنہائی میں خلل ڈالا اسنے جیب سے موبائل نکالا اسے واٹس ایپ پے جاران نے کوئی تصویر بھیجی تھی اس نے مسکراتے ہوئے میسج کھولا تو اسے لگا اب شاید ہی وہ اس تصویر سے نظر ہٹا پائے گا ساتھ ہی جاران کا ایک اور میسج آیا

کیسی ہے؟

بہت پیاری ہے پاپا

تمہارے لیے پسند کی ہے اگر کوئی اعتراض نہیں ہے تو رشتہ لے جائیں

میں آج ہی واپسی کے لیے نکل رہا ہوں پھر ساتھ جائیں گے

ہائے میرے شہزادے کی چالاکیاں

ہاہاہاہاہاہاہاہا

سر قبر تیار ہے

اسنے اٹھ کے گاڑی کی ڈگی کھولی اور ایک لڑکے کی میت نکالی اس کو دفنا دو جی سر

اسنے اس لڑکے کو دفنا تو دیا مگر اسکی قبر خوشبو ای خوشبو تھی

ناجانے کون ہے لگتا اے کوئی معصوم روح ہے

اسنے اس کے دفن ہو جانے کی تسلی کرنے کے بعد گاڑی نکالی اور واپسی کے لیے چل پڑا. اس کے جانے کے بعد اس آدمی نے پہنا ہوا گاون اتارا اور قبر کی کھودائی کی اس لڑکے کو باہر نکالا اسکی سانسوں کو چیک کیا وہ اب بھی چل رہی تھیں مگر بہت مدہم اسنے جلدی سے موبائل نکال کر کسی کو فون کیا اور اسکے بعد پھر سے اس لڑکے کی جانب متوجہ ہوا اسکو مٹی سے صاف کرنا شروع کیا

نازیہ کو کمرے کا دروازہ کھلنے کی آواز آئی اندر داخل ہونے والے نے اسکے پاس ہی جگہ بنائی بیٹھنے کیلئے اور سلام کیا

السلام علیکم ناز

آواز سنتے ہی ناز نے گھونگھٹ اٹھایا اور اسے دیکھنے لگی تسلی کیلئے اسکا نام پکارا

سبحان

جی جان سبحان

آپ یہاں کیا کر رہے ہیں اور پلیز مجھے ان فضول القابات سے مت نوازیں ہائے میری معصوم سی منکوحہ میں آپ کے پاس نا آو یہاں اس کمرے میں تو پھر کہاں جاو سبحان آپ کا نکاح مجھ سے ہوا ہے اسکا انداز سوال دیکھ کر سبحان اپنی جگہ سے اٹھ کھڑا ہوا وہ الجھن بھری نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جی مجھی سے ہوا ہے نکاح

سبحان

یار میرا کوئی قصور نہیں ہے مجھے تو خود معلوم ہی نا تھا اور جب معلوم ہوا تو بھابھی نے تمہیں بتانے سے منع کر دیا

اسکی بات سن کر اسنے غصے میں اپنا پرس سبحان کی طرف اچھال دیا چند لمحوں بعد ہی سبحان کی ہلکی سی چیخ سنائی دی وہ بیڈ سے اتر کر اسکی جانب بڑھی جو صوفے پر گرنے والے انداز میں بیٹھ رہا تھا کیا ہوا سبحان بہت زور سے لگا ہے؟

آہ یار مجھے پتا ہوتا تم معصوم نہیں خطرناک ہو تو کوئی حفاظتی انتظام ای کر آتا میں دیکھائیں تو مجھے

اسنے اسکے ہاتھ کو ماتھے سے ہٹایا تو حیران رہ گئی وہاں کچھ نہیں تھا مطلب سبحان اسے بیوقوف بنا رہا تھا آپ کو پتا ہے آپ نا صرف برے ہیں بلکہ جھوٹے بھی ہیں اور ڈرامے باز بھی

اللہ جی مجھے صبر دے

سبحان نے ہاتھ اٹھا کر دعا کی

صبر تو اللہ جی مجھے دے

آپ جیسے کو برداشت کرنے کیلئے

آہاں تو آو بیڈ پر آزماتے ہیں صبر کس میں زیادہ ہے اور برداشت کس میں؟؟

استغفر اللہ آپ تو گندی باتیں بھی کرتے ہیں

ہاہاہاہاہاہاہاہایار تم پہلی دلہن ہو اس دنیا کی جسے یہ گفتگو گندی لگ رہی ہے

تو کیا دلہا دلہن ایسی ہی باتیں کرتے ہیں

ہاہاہاہاہاہاہاہایار مجھے کیا پتا میری تو ابھی پہلی شادی ہے دوسری جب کرونگا تو بتاونگا کے کیا ہر دلہا دلہن ایسی ہی باتیں کرتے ہیں یا نہیں

بہت جلدی ہے دوسری شادی کی آپ کو؟

ہاہاہاہاہااہاہاہاہانہیں ابھی پہلی کو ہی انجوائے نہیں کرپایادوسری کا کیوں سوچوں؟؟؟

مطلب آپ نے دوسری کرنی ہے؟

ہاں تو میں اس دنیا میں اور کس لیے آیا ہوں 4 شادیاں ای تو کرنی ہیں صرف...اسنے اپنے قہقہے کو ضبط کرتے ہوئے کہا

جبکہ ناز سنجیدگی سے اس کے پاس سے اٹھ کر واشروم گئی کپڑے بدلے بھاری زیورات سے خود کو چھڑوا کے باہر آئی اور بیڈ کی جانب چلی گئی اپنی جگہ پر لیٹتے ہوئے اسنے 3 کشنز کو درمیان میں دیوار بنایا اور اپنا کمبل سنبھالے سونے کیلئے اپنی جگہ لیٹ گئی سبحان کپڑے بدل کے جب باہر آیا تو سامنے بیڈ کی طرف نظر گئی اور دیکھ کر اسے اندازہ ہوا کے اسے اپنا مذاق مہنگا پڑ گیا

یہ کیا ہے ناز؟

3 راتیں آپ ایسے ہی سوئینگے

کیا تمہارا دماغ تو ٹھیک ہے؟

میرا تو ٹھیک ہے آپکے دماغ کو دماغ کو ٹھیک ہونے کی ضرورت ہے اور میں بہت اچھے سے کرلونگی سارے پیچ جو ڈھیلے ہوگئے ہیں انہیں کس نادیا تو ناز یہ سبحان میرا نام نہیں

ارے جان میں مذاق کررہا تھا سبحان نے ہلکی سی دہائی دی

اگر اسی طرح وضاحتیں کرتے رہے تو 3 دن اور راتوں میں اضافہ ہو سکتا ہے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سبحان کے پاس اسکے علاوہ کوئی حل نا تھا کے خاموشی سے دوستی کر لے اور لیٹتے ہی اسکے دماغ میں اپنے ہی الفاظ گونجنے لگے

بیڈ پر آو زرا دیکھتے ہیں کس میں زیادہ صبر ہے اور کس میں برداشت

آآئندہ تو بنا سوچے سمجھے بالکل نہیں بولنا اور کروٹ بدل کر سونے کی کوشش کرنے لگا

ابصار کا سکتا آواز سے ٹوٹا پیچھے ہو جا وہ واپس کمرے کی طرف مڑ گئی علی کمرے میں کھڑکی سے داخل ہوا اور اندر آتے ہی اسکو بازو سے پکڑا اسکی پکڑ اتنی سخت تھی کے درد سے ابصار کی آنکھوں میں نمی آ گئی کہاں جا رہی تھی تم وہ تقریباً غصے سے دھاڑا تھا

وہ......وہ وہ وہ

کیا وہ وہ لگائی ہے میرے سوال کا جواب دو ہاں کہاں جا رہی تھی؟

مجھے لگا آپنے میرے ماضی کی وجہ سے مجھے ترس کھا کے اپنایا ہے

کیوں ایسا کیا ہے تمہارے ماضی میں؟

کیا آپ کو نہیں معلوم؟

نہیں معلوم، تم بتاو

اسے لگا کسی نے اسے زندہ ہی مٹی میں دفنا دیا ہو اسکی سانس اٹکنے لگی اور اسے گھبراہٹ ہونے لگی

علی نے اسکو مسلسل خاموش کھڑے دیکھا تو اسکے قریب آیا مگر قریب آتے ہی اسکی حالت دیکھی تو اسے بیڈ پے بٹھایا اور جلدی سے پانی ڈال کے اسے پکڑایا یہ پیو اسنے لینے سے انکار کر دیا اسکی حالت بگڑ رہی تھی وہ رونے لگی علی کا ہاتھ بہت زور سے پکڑا تھا اسنے جیسے خوف ہو وہ چلا جائے گا

رات کے 3 بجے سبحان کا موبائل بجا

اسنے جلدی سے کال اٹینڈ کی اور ٹیریس پر چلا گیا کے نازنا جاگ جائے

جی سر

اس دن ایک ایمرجنسی کی وجہ سے میٹنگ کینسل ہوئی تھی اب ابھی آجاو 15 منٹ ہیں سب کے پاس

جی سر

واپس کمرے میں آکر اسنے احتیاط سے الماری سے

Black tea_shirt , black pant or black joggar

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نکالے اور ڈریسنگ روم کی جانب بڑھ گیا کمرے سے نکلتے ہوئے اپنا ماسک اور پسٹل اٹھا کے کمرے سے نکل گیا اس بات سے بالکل بے خبر تھا وہ کے نازیہ تو جاگ رہی تھی اسے سب کرتے ہوئے دیکھ رہی تھی

وہ گھر کی پچھلی طرف سے دیوار پھلانگ کر باہر آیا جہاں علی گاڑی میں اسکا منتظر تھا

سنا شہزادے کیسی گزری شادی

ناپوچھ یار

کیوں بھائی ایسا کیا ہو گیا

دنیا میں ایسے لوگ بھی ہیں جو مجھ سے ڈرتے ہیں کے میں بہت دردناک سزائیں دیتا ہوں مگر پہلی بار میں خود ڈرا ہوں کیوں کے میری زوجہ خطرناک سزائیں دیتی ہے

ہاہاہاہاہاہاہاہاہاہاہا حد ہے لعنت اے تیرے تے بیوی سے ڈر گیا

سبحان دل میں خود سے مخاطب ہوا اب تجھے کیا بتاؤ کیسی سزا ملی ہے......

دو نوجوان اسکے پاس آئے تھے اور اس لڑکے کا پوچھا جسے اسنے دفنایا اور پھر ہارش کے جانے کے بعد نکالا تھا

وہ وہاں درخت کے نیچے لیٹا ہے کیپٹن میر

میر نے جونہی لڑکے کو دیکھا جلدی سے آگے بڑھ کے اسکی نبض چیک کی ابھی زندہ ہے فوراہاسپٹل جانا ہو گا

وہ لوگ ہاسپٹل پہنچے اور اسی کو ایمرجنسی کے طور پے ڈاکٹر کے حوالے کرنے کے بعد میر نے سر کو کال کی

میجر فادر

اسے ہاسپٹل پہنچا دیا ہے حالت بہت سیریس ہے

اللہ جی رحیم ہے کریم ہے وہ بہتر کرے سب کے حق میں

انشاءاللہ جی ایسا ہی ہو گا

سر مجھے جانا ہو گا ابص کے پاس وہ میرا انتظار کر رہی ہے نا گیا تو اسکی دماغی حالت سے آپ واقف ہو کچھ بھی کر سکتی ہے ٹھیک ہے تم جاو مگر جاتے ہوئے اسکے دوست محمد کو اطلاع کر دینا وہ اسکے پاس ہاسپٹل پہنچے سر وہ میرے ساتھ تھا مشن میں پھر ٹھیک ہے آپ جاو

اللہ جی کے حوالے میرے بہادر

ملنگنی کی آنکھ کھلی تھی اسکے سینے میں ایک تیز درد کی لہر اٹھی تھی اسنے دعا کیلئے ہاتھ اٹھائے

یارب

اپنی اولاد تیرے سپرد کی ہوئی تھی انکی حفاظت فرمانا......... آمین

اسکے بعد پھر وہی پڑھنے لگی

حد مک جانڑی اے

تے اک دن پکڑوی ہو جانڑی اے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ماحول سنگین حد تک خاموش اور خوفناک تھا میجر فرمان بول رہے تھے جبکہ سامنے بیٹھے افراد میں علی، سبحان، کاشان اور چند اور فوجی جوان بھی شامل تھے

آپ سب بخوبی واقف ہیں کے سریش کی بہن سنیتا نے اسلام قبول کیا تھا اب میری زوجہ ہیں اور الحمداللہ ایک بہترین مسلم خاتون آیت فاطمہ کے نام سے جانی جاتی ہیں ہم نے اب تک اپنے فرزند نعمان کو اس سب سے دور رکھا ہے مگر اب وہ ماشاءاللہ سے جوان ہیں اپنا ٹیسٹ بھی بہترین طریقے سے پاس کر چکے ہیں

انکو اب اپنی ڈیوٹی جوائن کرنی ہے جسکے لیے انکی پاکستان واپسی بہت ضروری ہے اور آپ سب کو اندازہ ہو گا کے سریش بھی اسکی واپسی کا منتظر ہے تا کہ وہ ہمارے ہی جوان کو ہمارے ہی خلاف استعمال کر سکے تو جوانوں تیار ہو اسے ناکام کرنے کیلیئے

یس سر

پاکستان، زندہ باد

میرے شیروں اللہ جی آپ سب کو کامیاب کرے. آمین

ناز نے کھڑکی سے سبحان کو جاتے دیکھا اسکے بعد وضو کیا نماز تہجد ادا کی اور رب سے گفتگو شروع ہوئی

یارب

جانتی ہوں جو چراغ صرف اپنے لیے جلتا ہے وہ آگ ہے، وہ آگ کے سوا کچھ نہیں

اور جو چراغ دوسروں کیلیئے جلتا ہے وہ روشنی ہے، وہ نور ہے، وہ شعور کا ظہور ہے

میرے مالک

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میرا محرم محمد سبحان بھی وہ چراغ ہے جو دوسروں کیلیئے جلتا ہے اسے اپنی امان میں رکھنا اور اگر ایسی نوعیت آئے کے اسے اپنی جان کو اپنے رب کے بندوں کی بہتری کیلیئے اپنے رب کیلیئے قربان کرنی پڑے تو میرے اللہ جی شکر گزار ہوتے ہوئے شکرانے کے نوافل ادا کرتے ہوئے انکی شہادت کو صرف تیری رضا سمجھ کر خوشی سے قبول کرونگی بس مجھے صبر اور ہمت دینا.

آمین الھم آمین

گھر کے فون کی گھنٹی بج رہی تھی خالہ نے فون اٹھایا تو اسحار کی آواز سنائی دی خالہ جان ایک بہت ضروری کام کے سلسلے میں شہر سے باہر جانا پڑ گیا جلدی نکلنا تھا اس لیے آپ کو اطلاع نا کر سکا میرے بیٹے آپ کو مجھے جگانا چاہیے تھا ارے نہیں خالہ جان اچھا نہیں لگتا بس آپ اپنا اور میری شہزادیوں کا خیال رکھنا یہ بھی بھلا کہنے کی بات ہے بے فکر ہو کے اپنا کام کرو اور جلدی لوٹ کے آنا.

فی امان اللہ جی

اللہ جی کے حوالے میرے بیٹے

اللہ نگہبان خالہ

ابصار کیا ہوا ہے ابھی جو اسکی حالت تھی اسنے علی کو بہت کچھ سوچنے پر مجبور کر دیا تھا

ع،،،ل....ی

ہاں بولو میں سن رہا ہوں

میں ایک ناجائز اولاد ہوں..........اور وہ پھر سے گھٹ کر رونے لگی

جبکہ علی تو اسکی بات سن کر نا جانے کس کیفیت میں چلا گیا تھا سمجھ نہیں آ رہی تھی پریشان ہو، الجھے، فکر کرے، اسے حوصلہ دے یا روئے اسنے آگے بڑھ کے ابصار کو اپنے سینے سے لگا لیا اور اسکے رونے میں تیزی آ گئی علی بھی چاہتا تھا کے وہ کھل کر روئے تا کہ اسکے سینے میں موجود بوجھ کسی حد تک ہلکا ہو جائے اور اسے کہا ابصار آپ کو قرآن کریم سے نصیحت حاصل کرنی چاہیے تھی مشاہدہ قدرت اور دعوت غور و فکر کرنا چاہیے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَمَا هٰذِهِ الۡ حَيٰوةُ الدُّنۡيَاۤ اِلَّا لَهۡوٌ وَّلَعِبٌ ؕ وَاِنَّ الدَّارَ الۡاٰخِرَةَ لَهِىَ
الۡحَـيَوَانُ ۘ لَوۡ كَانُوۡا يَعۡلَمُوۡنَ ۝

"* یہ دنیا کی زندگی ایک کھیل تماشے کے سوا کچھ نہیں، اصل زندگی تو آخرت کا گھر ہے، کاش! وہ لوگ یہ بات جانتے ہوتے۔ *"

www.kitabnagri.com

* تفسی-ر: * یعنی جس دنیا نے انھیں آخرت سے اندھا اور اس کے لیے توشہ جمع کرنے سے غافل رکھا ہے وہ ایک کھیل سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتی،

*کافر دنیا کے کاروبار میں مشغول رہتا ہے،اس کے لیے شب وروز محنت کرتا ہے لیکن جب مرتا ہے تو خالی ہاتھ ہوتا ہے۔ جس طرح بچے سارا دن مٹی کے گھروندوں سے کھیلتے ہیں پھر خالی ہاتھ گھروں کو لوٹ جاتے ہیں۔ سوائے تھکاوٹ کے انھیں کچھ حاصل نہیں ہوتا۔*

اس لئے ایسے عمل صالح کرنے چاہئیں جن سے آخرت کا یہ گھر سنور جائے۔ کیونکہ اگر وہ یہ بات جان لیتے تو آخرت سے بے پرواہ ہو کر دنیا میں مگن نہ ہوتے۔ اس لئے ان کا علاج علم ہے، علم شریعت۔

اور ابصار اس سب میں آپ کی تو کوئی غلطی نا تھی میری جان

آپ کو اس دنیا میں لانے والے دونوں انسانوں نے جو بھی کیا میں اسکے بارے میں کچھ نہیں کہونگا کیونکہ میں نہیں جانتا اس گناہ میں دونوں شامل تھے یا ایک کی خوشی تھی اور دوسرے پر زبردستی اور جبر کر کے ظلم ہوا ہے

مجھے صرف اتنا معلوم ہے آپ بالکل بے گناہ اور معصوم ہو اللہ جی نے مجھے یا کسی بھی انسان کو اختیار نہیں دیا کے آپ کو ناجائز اولاد ہونے پر دھتکاریں، بد کردار ماں باپ کی بیٹی ہونے کی سزا دیں

میرے لیے یہی بہت ہے میرے اللہ جی نے میرے نصیب میں باحیا اور باکردار ہمسفر لکھی ہے تو خود کو ان سب باتوں کی وجہ سے عزیت مت دو. میں ہر طرح سے آپ کا آپکی خوشی کا خیال رکھونگا

Don't know to love you.....

Be regarded as an a reason that sticks the heart♥

www.kitabnagri.com

Stay strong my lady

اور اسکے ماتھے پے اپنے لب رکھ دیے پھر اسکے چہرے کو اپنے ہاتھوں کے پیالے میں لیا تو علی کی ننھی سی چیخ نکل گئی

کیاہوا علی؟

ابصار واشروم میں جاکر آئینہ دیکھو

وہ نا سمجھی ابجھتے ہوئے واشروم جاکر شیشہ دیکھا تو اسکی اپنی زوردار چیخ نکل گئی اعناب اپنے کمرے میں نماز فجر کے بعد تلاوت کررہی تھی ابصار کی چیخ سن کر خالہ کو آواز لگاتی اسکے کمرے کی طرف بھاگی

علی کو اندازہ تھا اب گھر والے لازمی آئیں گے اسی لیے وہ جسطرح کھڑکی سے آیا تھا ویسے ہی چلا گیا

ابصار تم ٹھیک ہو اعناب نے واشروم کے دروازے پر دستک دیتے ہوئے کہا آپی جلدی آئیں مجھے بچالیں اعناب واشروم میں داخل ہوئی تو ابصار سامنے کھڑی آنکھیں بند کیے بس چیختی جارہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسنے ابصار کے دونوں ہاتھ پکڑے کیا ہوا ہے ابصار کہیں پھر سے ڈر گئی ہو آپی وہ

کیاوہ؟

آپی میرے سر پے.....

کیاابصار کیاوہ تمہارے سر پے

چھپکلی آپی

توبہ استغفار ابصار اب میں تمہیں چھپکلی لگتی ہوں

نہیں آپی میرے سر پے چھپکلی ہے

کی......یا

اعناب فوراً پیچھے ہوئی

آپی اسے اتاریں

کیا میں اتاروں؟

آپی آپ ڈر رہی ہیں؟

نہیں تو میں کب ڈرتی اعناب کی جان ابصار سے بھی زیادہ نکلتی تھی چھپکلی دیکھ کے مگر خود کو ابصار کے سامنے بزدل ظاہر نہیں کر سکتی تھی اسی لیے دل میں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اللہ جی مدد

اللہ جی مدد

اللہ جی مدد پڑھتے ہوئے آگے بڑھی اور ابصار کے بالوں میں موجود چھپکلی کو دیکھا تو اسکی ہنسی نکل گئی

اسے پاگلوں کی طرح ہنستے دیکھ کر ابصار کو غصہ آگیا آپی آپ ہنس رہی ہیں؟

اب.....ابصار ہنسی کے سبب اس سے بولا نہیں جا رہا تھا

ابصار میری جان یہ نقلی چھپکلی ہے

کیا سچ میں؟

اعناب نے چھپکلی نکال کر اسکے سامنے کی تو وہ شرم سار ہوئی جبکہ خالہ جو دروازے میں کھڑی تھیں انکا قہقہہ نکل گیا

ابصار کو غصہ آرہا تھا علی پے جو اسے بیوقوف بنا کے فرار ہو گیا تھا اسی غصے کو اسنے آپی اور خالہ پے نکالا

آپ لوگ کیا صبح صبح میرے کمرے میں ڈیرہ ڈالے ہوئے ہو جاو اپنے کمروں میں

حد ہے ناشکری لڑکی

انکے جاتے ہی اسنے کھڑکی لاک کر دی تا کہ اب علی اندر ہی نا آسکے اور موبائل آف ہی رہنے دیا اب اسکا ارادہ جلدی سے نماز ادا کر کے سونے کا تھا

اسحار پہنچ چکا تھا اپنی منزل کے قریب وہ گھر سے کچھ فاصلے پر گاڑی کھڑی کر کے اب پیدل گھر کی طرف جا رہا تھا چلتے ہوئے گھر کی پچھلی طرف آیا اور دیوار پے چڑھ کے اندر کی طرف چھلانگ لگائی

دیوار کے ساتھ چلتے ہوئے گھر کے باغ میں آیا کھڑے ہو کر اوپر کی طرف دیکھا اسکے کمرے کی لائٹ بند تھی مجھے بے سکون کر کے یہ کیسے سو سکتی ہے؟

اب اوپر کیسے چڑھنا ہے تھوڑی سی محنت کے بعد اسے ایک پائپ نظر آیا اور اس پائپ کے سہارے وہ کسی ماہر کی طرح چڑھتے ہوئے اسکے کمرے کے ٹیریس تک پہنچا اب اگلی رکاوٹ وہ دروازہ تھا جو کھلتا تبھی وہ کمرے میں جا پاتا اسنے اپنے دوست کو فون کیا

ایک تو ہم غریبوں کو آدھی رات آنے والے فون سے ویسے ہی ڈر لگتا ہے کے نامعلوم ہمارے کسی کارنامے کی خبر بابا جان کو نا ہو گئی ہو تو اس صورتحال میں آپکو کیا پڑی تھی مجھے بے وقت فون کرنے کی زریاب میں جانتا ہوں تم دن میں سونے اور رات کو جاگنے والی مخلوق ہو تو فضول بکواس نا کر یہ بتاو ٹیریس کا دروازہ کیسے کھلے گا سر آپنے مجھ سے یہ پوچھنے کیلیئے فون کیا ہے بتا رہے ہو یا میں تمہیں اس سال فیل ہونے کی خوشخبری دو؟ سر آپ تو سنجیدہ ہو گئے ہیں مذاق کر رہا تھا بہت آسان ہے دروازہ کھولنا لاک کھولو ہینڈل گھماو اور دروازہ کھل گیا واہ واہ واہ کیا انعام دو اس اہم معلومات کی فراہمی پے؟ ہاہاہاہاہا سر مجھے شک ہو رہا آپ میری تعریف کر رہے ہیں

اسے غیرت مند بیستی کہتے ہیں مگر تم جیسے ڈھیٹ اسے تعریف کہتے ہیں الو کے پٹھے میں باہر کھڑا ہوں کمرے کے اندر جانا ہے میں نے تو سر آپ سیدھے طریقے سے اپنے کمرے میں جائیں یہ چور دروازے دوسروں کے کمرے میں جانے کیلیئے استعمال ہوتے ہیں اپنی بیوی کو منانے آیا ہوں اسی کے کمرے میں جانے کیلیئے ٹیریس کا دروازہ کھولنا ہے اب تم مجھے بتاو کیا کروں کچھ دیر تک تو زریاب خاموش رہا پھر کہا دروازہ پر شیشہ لگا ہے؛ ہاں ہے تو سہی، اسکو ہاتھ سے پیچھے کی طرف دھکیل دو اس نے ایسا ہی کیا اور شیشہ پیچھے ہو گیا اب بازو اندر چلا جائے گا آگے اپنے دماغ کو استعمال کریں

مجال ہے جو یہ لڑکا پوری مدد کرے کسی کی.....فون جیب میں ڈال کر اسنے بازو اندر کی طرف ڈالا اور لاک کو کھولا دروازہ کھل گیا اپنی کامیابی پر خوش ہوتے ہوئے وہ آہستہ سے دروازہ کھول کر اندر چلا گیا اندر جاتے ہی اسنے شیشہ بند کیا اور دروازہ دوبارہ لاک کر دیا کمرے میں نائٹ بلب کی مدہم روشنی تھی اور بیڈ پر اسکی منکوحہ مزے سے سو رہی تھی

بہت تم نے میرا صبر آزمایا ہے اب تم مجھے اس روپ میں پاو گی جو تمہارے خواب میں بھی نہیں آیا ہو گا

میٹنگ ختم ہوتے ہی سب واپسی کیلیئے نکل پڑے گاڑی میں اب علی اور سبحان کے علاوہ کاشان بھی موجود تھا بھائی آپنے بھابھی سے کیا بہانہ بنایا اس وقت گھر سے نکلنے کیلیئے وہ تو مزے سے سو رہی تھی تم بتاو نازیہ سے کیا کہا؟

وہ بھی سو رہی تھی. مگر جب میں گھر سے نکل رہا تھا تو تمہارے کمرے کی لائٹ جل رہی تھی

آپ مذاق کر رہے ہیں؟؟ وہ حیران ہی تھا اسکی بات پر اسنے خود چیک کیا تھا ناز سو رہی تھی

بالکل نہیں ابھی گھر جاوگے تو پتا چل جائے گا

اب کے وہ پریشان ہو گیا اسے یقین نہیں آ رہا تھا بھائی مجھے تنگ کر رہے ہونگے وہ کیسے جاگ سکتی ہے وہ سوئی پڑی تھی

گھر پہنچ کے کاشان اپنے کمرے میں آیا تو شازیہ ویسے ہی سو رہی تھی اب کاشان شدید قسم کی نیند کا شکار ہوا تھا اسے سکون سے سونا تھا وہ رات سے جاگ رہا تھا شازیہ کے خراٹوں کی آواز نے اسے بہت کملایا ہوا تھا رات سے

اسنے آگے بڑھ کے شازیہ کو جگایا

کیاہوا کاشان؟

نماز پڑھ لو اور اسکے بعد تم وہاں صوفے پر وقت گزار دو یا باہر چلی جاؤ مگر پلیز مجھے چند گھنٹے سکون سے سونے دو

وہ ابھی نیند سے جاگی تھی اسی لیے کاشان کی بات سمجھ نہیں پا رہی تھی وہ نماز کیلیئے آٹھ گئی اور کاشان لیٹتے ہی سو گیا

میرا ابھی ہاسپٹل پہنچا تھا اور محمد کو دیکھ کر اسکے پاس بھاگتا ہوا پہنچا کیسا ہے اسحی؟

ایمرجنسی میں ہے آپریشن چل رہا ہے 3 گولیاں لگی ہوئی تھیں اور اسکے علاوہ زخمی بھی بہت تھا دفنانے کی وجہ سے سانس بھی بہت مدہم ہو گئی ہے پاگل تھا وہ کیا ایک زندہ انسان کو دفنایا اس نے تم اس بات پر اللہ جی کا شکر ادا کرو کے اس رب نے دفنانے والے کے دل میں رحم ڈالا جس نے پولیس کو اطلاع کی اور اسے نکالا بھی اسی نے ہے

ہاسپٹل میں آواز گونجی

کیپٹن ڈاکٹر محمد منان ملک جہاں بھی ہیں آپریشن تھیٹر پہنچے

اور تھوڑی دیر بعد منان بھاگتا ہوا آپریشن تھیٹر میں جانے والا مخصوص لباس پہنے گزرا اور اندر چلا گیا

مینا کی آنکھ خوفناک چیخ کی آواز پر کھلی تھی اسے اندازہ تھا یہ آواز اسے خواب میں آئی ہے مگر وہ جاگ گئی تھی پانی پیا اور کمرے میں چکر لگانے لگی اسے سکون نہیں آ رہا تھا اس نے وقت دیکھا تو رات کے

2:34am

بجے ہوئے تھے اس نے اسحی کے نمبر پر کال کی مگر جواب نا ملا اسکے دل میں وسوسوں نے جگہ لے لی اس نے عینا اور ابص کے نمبر پر کانفرنس کال ملائی دونوں نے اسکی کال اٹینڈ کرتے ہی کہا مینا اس وقت کال کی تم تھیک تو ہو میرا دل گھبرا رہا ہے اسحی کا کچھ پتا نہیں ہے صبح سے

تمہاری حالت ایسی نہیں ہے کہ ٹینشن لو فکر مت کرو محمد بھی گھر نہیں آئے ابص نے کہا زریب بھی نہیں ہیں تو یقیناوہ لوگ ساتھ ہی ہونگے تم دعا کرو اور دوائی لے کر سو جاو تمہیں اندازہ ہونا چاہیے کہ اسحی بچے کیلئے کتنا پوزیسو ہے اسکا پہلا بچہ ہے یہ تمہیں اسکی امانت کا خیال رکھنا ہے ان سے بات کرنے اور دعا مانگنے کے بعد وہ کافی پر سکون ہو گئی تھی اور دوائی لے کر سو گئی

سبحان کمرے میں داخل ہوا تو ناز ویسے ہی سو رہی تھی جیسے اسے چھوڑ کر گیا تھا اس نے واشروم جا کر کپڑے بدلے اور بیڈ پر لیٹا ہی تھا کے آواز آئی

کیسا رہا آپکا مشن؟

تم جاگ رہی ہو؟

جب آپ گئے تھے تب سے جاگ رہی ہوں

کس مشن کی بات کر رہی ہو؟

مجھے بچی نا سمجھیں اتنی رات کو اوٹ پٹانگ طریقوں سے ایجنٹ نکلتے ہیں گھروں سے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بچی تو تم بالکل نہیں ہو خیر کیونکہ بچیاں شادی کی پہلی رات شوہر کو سزا نہیں دیتی دوسری بات تم اپنے دماغ کا کم استعمال کرو پہلے ہی کمی ہے دماغ کی میں کوئی ایجنٹ نہیں ہوں

ٹھیک ہے کہہ کر وہ دوسری طرف منہ کیے سوگئی

جبکہ سبحان کیلئے سمجھنا مشکل ہو گیا اسے پتہ کیسے چلا میں ایجنٹ ہوں اور میرے نا بتانے پر اس نے کوئی بحث بھی نہیں کی شاید اسے ناپتا ہو ایوی تکلے ماررہی او یہ سوچتے ہی مطمئن سو گیا

سبحان نے نیند کی وادی میں قدم رکھا ہی تھا کے ناز جلدی سے اٹھی سبحان کو بازو سے پکڑ کر زور سے ہلایا

سبحان ہڑبڑا کے اٹھا کیا ہوا ناز؟

آپ نے مجھے منہ دکھائی تو دی ہی نہیں

سبحان کو اسکی بات پر ہنسی آئی اور مسکراہٹ دبائے اسنے کہا

کیا میں نے آپکا منہ دیکھا ہے میں نے گھونگھٹ بھی خود نہیں اٹھایا تھا

ناز جلدی سے بیڈ سے اٹھی الماری سے اپنا برائیڈل دوپٹہ نکالا سبحان ناسمجھی سے اسے دیکھ رہا تھا وہ دوپٹہ لیے سبحان کے سامنے بیٹھی اور گھونگھٹ نکالا سبحان اس کی اس حرکت پے قہقہہ لگائے بنا نا رہ سکا تم لڑکیاں منہ دکھائی کیلئے کتنی کریز ہوتی ہو اب آپ گھونگھٹ بھی اٹھائیں اور منہ دکھائی بھی دیں

سبحان نے دراز سے کیس نکالی اسکا گھونگھٹ اٹھایا اور کہا چلو شکر ہے دلہن بنی ہوئی کا گھونگھٹ نہیں اٹھایا ورنہ صبح میں نے ہی ڈر جانا تھا ناز نے اسے گھورا تو سبحان نے فورا کہا ابھی منہ دکھائی رہتی ہے تو ناز پھر سے گردن جھکا گئی

سبحان نے انگوٹھی اسکی انگلی میں پہنائی اور اسکے ہاتھ کو اپنے دونوں ہاتھوں میں قید کرتے ہوئے بولا

میں نے جب پہلی بار دیکھا تھا تب ہی تمہیں اپنانے کا فیصلہ کر لیا تھا مگر تمہاری چپ ناٹوٹی نا میں تمہیں اپنی فیلنگ بتا سکا اب اللہ جی کا جتنا بھی شکر ادا کروں اتنا ہی کم ہے کہتے ہی اپنے لب اسکے ہاتھ پر رکھے

ناز نے اسے دیکھا آہستہ سے اپنا ہاتھ اسکے ہاتھوں سے نکالا دوپٹہ جا کر الماری میں رکھا واپس لیٹتے ہوئے سبحان سے کہا منہ دکھائی لینے کا ہر گز یہ مطلب نہیں آپکی سزا ختم

یا اللہ جی یہ ظالم بیوی میرا نصیب کیوں ؟؟ سبحان دہائی دے رہا تھا جس کا ناز پے کوئی اثر نہیں ہونا تھا

منان بھائی بہن پے غصہ کر کے کمرے میں تو آ گیا تھا اب اسے انکی ناراضگی کی فکر تھی اسے سمجھ نہیں آ رہی تھی اسے غصہ آ کس بات پر رہا ہے ؟ صبح والا واقعہ اسنے یاد کیا اسکے پاس ہاسپٹل میں ایک لڑکا آیا تھا بلاشبہ بہت پیارا تھا مگر منان کو اسکی سمجھ نہیں آ رہی تھی وہ عجیب باتیں کر رہا تھا جس کا صاف یہ مطلب تھا کے منان نے اسکی محبوبہ سے اسکو دور کیا ہوا ہے اب اسکی اس بات کا منان سے کیا تعلق اور وہ لڑکی کون ہے یہی بات اسے سمجھ نہیں آ رہی تھی

اعناب کمرے میں داخل ہوئی تو مسلسل فون بج رہا تھا انجان نمبر سے فون آ رہا تھا اس نے وہ نمبر ملک کو بھیجا

ملک اس نمبر سے بار بار فون آرہا ہے

فوراہی پہلے آیا تھا

میں چیک کرتا ہوں

اس نے وہ نمبر ملایا تیسری بیل کے بعد اگلے کی آواز سنائی دی

جی مسٹر ملک

آپ کون ہیں؟

فون آپنے کیا ہے ملک صاحب

آپ میرے دوسرے نمبر پر فون کر رہے تھے

اوہ اچھا جہاں تک میرا دماغ کام کرتا ہے میں نے اعناب کے نمبر پر فون کیا تھا

محترم میں تمیز کے دائرے میں رہتے ہوئے بات کر رہا ہوں تو ہرگز یہ مطلب نہیں کے آپ لیمٹس کراس کریں

میں بھی بہت ضبط کر رہا ہوں

میری جان کو میرے حوالے کر دو میں تم سب کی جان چھوڑ دونگا

دماغ خراب ہے تمہارا اسکا نکاح ہو چکا ہے وہ بیوی ہے اب کسی کی

بکواس بند ملک

وہ اتنے غصے سے دھاڑا تھا کے ملک کو فون اپنے کان سے دور کرنا پڑا

ہیشی بات سمجھنے کی کوشش کرو

میں نہیں تم سب سمجھنے کی کوشش کرو میں موت کی طرف بڑھ رہا ہوں اسکے بغیر زندگی مشکل ہے

تمہیں سمجھ کیوں نہیں آتی ہے تم مسلمان نہیں ہو اگر ہوتے بھی تو اسکا نکاح ہو چکا ہے

ہیشی نے فون ہی بند کر دیا تھا

ہیشی کی جب اسکی جدائی سے زہنی حالت بگڑنے لگی تو وہ بار میں چلا گیا وہاں جا کر اسنے گانا شروع کر دیا

کچھ درد مجھے تو سہنے دے

اندر اسے زندہ رہنے دے

آنکھیں بنجر ہو جائیں گی

کچھ اشک میرے تو بہنے دے

ہونٹوں پے ہنسی

آنکھوں میں نمی

بھیگی سی ہے میرے دل کی زمیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نیندوں میں سہی

خوابوں میں سہی

کچھ دیر مجھے اپنا کہنے دے

کچھ درد مجھے تو سہنے دے

اندر اسے زندہ رہنے دے

ہیشی کو معلوم ہی نا ہوا گاتے ہوئے کب آنکھوں میں نمی آئی اور آنسو بن کے اسکے گال بھگونے لگی

بار میں سب کے ہونٹوں پر یہی جملے گونج رہے تھے کتنا حسین لڑکا ہے اور گاتا تو بہت ہی اعلی اسکی آواز نا صرف سریلی ہے درد سے بھرپور ہے یار کتنی پاگل ہے وہ لڑکی جس نے اسے دکھی کیا ہے لڑکیاں اس لڑکی کی قسمت پر رشک کر رہیں تھیں جسے ہیشی نے دل دیا تھا

آپ کیا کہہ رہے ہیں ملک؟

وہ محبت کی حدوں کو پار کر گیا ہے محبت نے عشق اور اب جنونی پن کی شکل اختیار کر لی ہے وہ ہر حال میں ابصار تک پہنچنے کی کوشش کرے گا

لیکن ابصار کو اس سب کی خبر نہیں ہونی چاہئیے

جانتی ہوں ملک یہ سب باتیں اسے پھر سے پاگل کر دیں گی مگر ہم کر کیا سکتے ہیں اسحار بھائی بھی شہر سے باہر ہیں رابطہ بھی نہیں ہوتا انہوں نے کہا تھا وہاں سگنل نہیں ہوتے. تم پریشان مت ہو میں کچھ کرتا ہوں

علی بول بھی لے کیا کہنا چاہتے ہو سبحان، کاشان، شازیہ اور نازیہ بیٹھے منہا اور علی کا منہ دیکھ رہے تھے جو کوئی بہت اہم بات کرنے آئے تھے مگر اب لگتا تھا صدیوں سے گونگے ہیں

منہا آپ بھابھیوں کے ساتھ اندر جا کر ان سے بات کرو میں یہاں ان دونوں سے نبٹا لو معاملہ

جی بھائی بالکل ٹھیک

ان کے جاتے ہی وہ سبحان اور کاشان پر چڑھ پڑا شرم تو نہیں آتی دونوں کو کل اپنی شادی کی پہلی سالگرہ منانے جا رہے ہو اور بھائی کو ابھی تک کنوارہ بٹھایا ہوا ہے بالکل ٹھیک کہہ رہے ہو علی ان بے وفا بھائیوں نے سگے بھائی کی بھی کبھی فکر نہیں کی نعمان نے علی کے ساتھ بیٹھتے ہوئے کہا

اوہ اچھا تو یہ معاملہ ہے؟

جی بالکل اور علی کا میں یہاں بڑا بن کے آیا ہوں کیونکہ اسکی بہن کے علاوہ اسکا دنیا میں کوئی نہیں

بکواس مت کر نومی ہم اسے بھائی ہی سمجھتے ہیں

بھائی ہی سمجھتے ہو تو بہن اسے دے دو

علی تو حیرت سے کچھ بولنے کے قابل نا رہا بھلا اسنے کب نومی سے دل کی بات کہی تھی

کیا کہا دوبارہ کہنا کاشان کو لگا اسے سننے میں غلطی ہوئی ہے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہمیں خوشی ہے تم نے ٹائم پاس کرنے کے بجائے سنت طریقے سے رشتہ مانگا ہے 3 دن کے بعد میری شادی کی سالگرہ پر تمہارا اور دعا کا نکاح ہے وہ تینوں یہ تو سن کر گول کر گئے کے سبحان نے رشتہ قبول کیا ہے یہ بات ہضم نا ہوئی کے اسکی شادی کی سالگرہ 3 دن کے بعد ہے

تمہاری شادی اسی دن ہوئی تھی جس دن میری ہوئی تھی تو تم کس خوشی میں 3 دن بعد سالگرہ منا رہے ہے؟

آپ لوگ نہیں سمجھنے والے اور نا میں بتانے والا ہوں

تم سے تو میں نبٹنے والا ہوں سبحان اور علی میں دعا سے پوچھ کر جواب دونگا بابا سے بھی بات کرنی ہے اس بارے میں یہ تو اپنے آپ ہی فیصلے کر لیتا ہے

رات بابا نے ہی مجھے فون پر کہا تھا علی کو انکار نہیں کرنا

واہ شہزادے پکا کام کر کے آئے ہو میری سوچ سے زیادہ چالاک ہے

علی نومی کی باتوں پر صرف ہنسا تھا

مگر میں پھر بھی دعا سے پوچھ کر جواب دونگا وہ میری بہن ہے اسکی رضامندی ضروری ہے

مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے بھائی اور میں زبردستی کا قائل نہیں ہوں

مبارک ہو آپ سب کو ہماری شہزادی کو کوئی اعتراض نہیں ہے

فرمان صاحب یہ کہتے ہوئے لاؤنج میں داخل ہوئے انکے پیچھے آیت فاطمہ، دعا، شازیہ، نازیہ اور منہا بھی تھیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

رسم نکاح میری بہووں کے فارغ ہونے پر ہی ہو گی

ایک ہفتہ رہتا ہے شازیہ اور اسکے کچھ دن بعد نازیہ بھی انشاءاللہ جی بخیر و آفیت فارغ ہو جائیں گی

اور بابا میں کس کھاتے میں آپ کا بھی انتظام کر لیا ہے صاحب زادے

سچ میں امی

امی کون ہے وہ بدنصیب جس پر آپکو ترس نہیں آیا سب ہی سبحان کی بات پر ہنسی دبائے بیٹھے تھے نعمان کو تو پتنگے لگ گئے نازیہ بھابھی آپنے شادی کی سالگرہ کو 3 دن کی جگہ 3 مہینے تک لیٹ کرنا تھا

نازیہ تو شرم کے مارے سر جھکا گئی اسے کہاں امید تھی سب کے سامنے یہ بات آ جائے گی

جبکہ سبحان کے گھورنے پے بابا نے قہقہہ لگاتے ہوئے کہا

بیٹا جی اسی لیے کہا جاتا ہے

بھائی سے پنگا اکانئی چنگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسحار اسکے پاس ہی بیڈ پر لیٹ گیا تھوڑی دیر اسے دیکھتا رہا پھر اسے اپنے آپ میں چھپا لیا کی آنکھ کھلی تھی اس احساس کے تحت کے کوئی اسے اپنی جانب کھینچ رہا ہے مگر جلد ہی اسے احساس ہو گیا کے اسنے جاگنے اور سنبھلنے میں دیر کر دی ہے اور وہ سب ہو تا گیا جو انکا ایک دوسرے پر حق تھا اسحار کو یقین تھا اس سب کے بعد وہ طلاق کا مطالبہ نہیں کرے گی دوبارہ

ہارش نیلے رنگ کے قمیض شلوار میں بہت خوبصورت لگ رہا تھا اس کے باپ جاران نے دل کھول کے اسکی تعریف کی تھی

وہ لوگ رشتہ لے کر آئے تھے جبکہ منان،زریاب ان کے بابا جان اور امی پریشان بیٹھے تھے آپکو کوئی غلط فہمی ہوئی ہے اس نام کی ہماری بیٹی ہی نہیں ہے

آپ لوگ رشتہ لانے والوں کے ساتھ مذاق بھی کرتے ہیں

محترم ہماری ایک ہی بیٹی ہے الحمد اللہ جی کچھ دنوں کے بعد اسکی شادی کی تقریب ہونی ہے

آپ اسے بلوا سکتے ہیں میری درخواست ہے ہارش نے بہت مشکل سے الفاظ ادا کیے تھے دل میں بہت خوف تھا اگر وہ ہی ہوئی تو........اس سے آگے سوچ بھی نہیں سکا

زریاب بیٹا

جی بابا جان

بہن کو لے آو

جی اچھا

مینے نہیں آنا ہے باہر

مناب یار آجاو ہم سب وہاں موجود ہیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جو نہی مناب نے کمرے میں قدم رکھے ہارش کو لگا کسی نے اسکو موت کے منہ میں جاتے ہوئے نئی زندگی کی نوید سنائی ہو

بہت معذرت کے ساتھ ہمیں شاید گھر کا پتہ غلط دیا گیا معافی چاہتا ہوں آپ سے..... کوئی بات نہیں ہے ہو جاتا ہے ایسا

انکے جاتے ہی زارا بیگم نے سب کی موجودگی میں کہا اس لڑکے کی شکل مناہل سے بہت ملتی ہے آپ بالکل ٹھیک کہہ رہی ہیں امی اور بابا جان اسکی گردن پر ویسا ہی نشان تھا جیسا میری چھوٹی نند کی گردن پر ہے اسکی شکل، آنکھیں اور بولنے کا انداز تک اس سے بہت ملتا ہے

سب خاموش ہو گئے تھے جبکہ زریاب کے دماغ کھولنے لگا تھا وہ تو ویسے بھی رحمت سے نفرت کرتا تھا صرف بھائی اور بہن کی وجہ سے خود کو شادی کیلئے راضی کیا تھا اس نے........ وہ گاڑی لے کر گھر سے نکل گیا

بہت مبارک ہو اللہ جی نے کرم خاص کیا ہے اسحی اب خطرے سے باہر ہے زریب اور میجر علی نے اللہ جی کا شکر ادا کیا اور ڈاکٹر منان انکی خوشی دیکھ کر رب کا شکر ادا کرنے چلا گیا کیونکہ آج اللہ جی نے اسے اسکی زندگی کی سب سے بڑی کامیابی دی تھی

اسحار کی آنکھ کھلی اسے کمرے میں ناپا کر وہ پریشان ہو گیا بستر سے اٹھ کے واشروم کی جانب بڑھا تو اسی لمحے وہ باہر نکلی تھی اسحار سے ٹکرا گئی کیا ہے آرام سے نہیں چل سکتے وہ نہا کر نکلی تھی اسحار کو اس کے چہرے پے شرم و حیا کے رنگوں نے مطمئن کر دیا ورنہ اسے لگا تھا جو قدم رات میں اس نے اٹھایا ہے اسکی وجہ سے وہ اسے چھوڑ کر چلی گئی ہے

پورے دو مہینے بعد اسحار کو وہ اپنے سامنے دیکھ کر سمجھ نہیں پا رہے تھے خوش ہوں یا لڑائی کریں ابصار تو اسکے سینے سے لگی روتے ہوئے شکوے کرنے لگی آپ کو ہمارا خیال نا آیا گئے تو پلٹ کر خبر نا لی ہماری کوئی رابطہ نہیں کوئی فون کوئی میسج تک نا کیا

ارے ہمیں بھی ملنے دو بھائی سے اعناب سے مل کر وہ خالہ سے ملا اور صوفے پر بیٹھ گیا ابصار اسکے بازو کو پکڑے اسکے ساتھ ہی بیٹھی تھی اسحار بیٹا آپ ٹھیک تو ہو بہت کمزور ہو گئے ہو ارے خالہ آپ کافی دن بعد دیکھ رہی ہیں اس لیے ایسا لگ رہا ہے غائب کہاں تھے آپ اب کے اعناب نے پوچھا؟

میں ملک اور علی کے ساتھ تھا ان دونوں نے بتایا نہیں حالانکہ وہ اپنی منکوحات سے کچھ چھپاتے نہیں ابصار اور اعناب کی تو سیٹی گم گئی ان دونوں کے وہم و گمان میں بھی نا تھا انکا بھائی انکے راز سے واقف ہے

ملک اور علی اور منکوحات یہ کیا کہانی ہے بیٹا؟

خالہ جان ملک آپکی بڑی اور علی چھوٹی صاحبزادی کے شوہر نامدار ہیں خالہ نے خطرناک تیور سے انکی جانب دیکھا تو اسحار اپنی ہنسی دبانے کی کوشش کر رہا تھا وہ بہت مطمئن تھا اپنی چالاکی پے کیونکہ اسنے خالہ کا دھیان خود سے ہٹا کے انکی تمام تر توپوں کا رخ بہنوں اور علی، ملک کی جانب کر دیا ہے

یہ میں کیا سن رہی ہوں لڑکیوں؟

خالہ جان میرا تو نکاح آپ سب نے اپنی مرضی سے ملک سے پڑھایا تھا ابصار سے پوچھ لیں اس نے تو نکاح میں کسی کو بلوایا بھی نہیں اور بعد میں بتایا بھی نہیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھے تو پہلے ہی پتہ تھا آخر میں ایٹم بم سب نے مل کر مجھ پے ہی گرانا تھا

وہ اٹھ کے کھڑی ہو گئی خالہ جان میں نے نکاح کیا ہے معاف کر دیں مجھے لیکن اپنے صاحبزادے سے پوچھ لیں یہ دو مہینے آپکی بہو کے پاس گزار کر آ رہا ہے اب کے اسحار صوفے سے اٹھ کر بھاگا تھا اسکو بھاگتے دیکھ کر ابصار اور اعناب بھی اپنے کمرے میں بھاگ گئیں جبکہ خالہ نا جانے کتنی دیر تک انکو باتیں سناتی رہیں

فرمان صاحب کا گھر چڑیا گھر بن گیا تھا اللہ جی نے انکے صاحبزادے کاشان کو جڑوا بچوں سے نوازا تھا ایک بیٹا اور ایک بیٹی انکی تو فیملی مکمل ہو گئی تھی جبکہ کچھ دنوں بعد سبحان کے ہاں بیٹا پیدا ہوا ساتھ ہی بابا جان نے نعمان کا اسکی پھوپھو زاد زارا اور دعا کا علی کے ساتھ نکاح کا فیصلہ سنا دیا

زارا اپنی سسرال سے آئی چیزیں دیکھ رہی تھی جب موبائل بجا اسنے انجان نمبر سے آئی کال اٹینڈ کی تو گھمبیر لہجے میں کوئی غزل پڑھ رہا تھا

دعائیں مستجاب ہوتی ہیں

فقط یہ سن ہی رکھا تھا

تمہیں مانگا دعاؤں میں

تمہارا مجھ سے مل جانا

ان دعاؤں کی بدولت ہے

ہاں میرا اب یقین پختہ ہے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میرا ایمان کامل ہے

دعائیں مانگ کر دیکھو

دعائیں مستجاب ہوتی ہیں

نعمان؟

کیسی ہو؟

بالکل ویسی ہی جیسی چھوڑ کر گئے تھے

خیر چھوڑ کر نہیں گیا تھا ورنہ اب تم کسی کی بیوی اور 4،3 بچوں کی ماں ہوتی

ہاہاہاہاہا جانتی ہوں ممانی نے بتایا ہے آپ جانے سے پہلے کیا کارنامہ سرانجام دے گئے تھے

نعمان کو بھی یاد آ گیا وہ اسی شرط پے خاندان سے دور جانے پر راضی ہوا تھا کے واپسی پر بابا جان اسکی شادی زارا سے کریں گے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شازیہ ابھی تک تیار نہیں ہوئی تم سب ولیمہ کیلئے میرج ہال پہنچ گے ہونگے

آپ زرا اپنے بچوں کو سنبھالیں تاکہ میں تیار ہوں

کیوں جی کیا کارنامہ سرانجام دے دیا ان معصوم بچوں نے جو یہ میرے بچے کہلوانے لگے

شازیہ کا منہ کھل گیا بیڈ پر پڑے بچوں کی طرف بڑھتے کاشان نے اسکا منہ بند کیا یار کتنی بار کہا ہے رات میں خراٹے مت لیا کرو ہم باپ بچوں کو سونے نہیں دیتے اور دن میں منہ بند رکھا کرو یہی خوف لگا رہتا ہے مکھی نا چلی جائے اندر شیزی دونوں باتوں کو گول کر گئی خراٹے لینے سے اسنے شادی کے شروع میں انکار کیا تھا جبکہ ناز نے بھی کاشان کا ساتھ دیا تھا کے وہ اسی لیے علیحدہ کمرے میں شفٹ ہوئی تھی شیزی خراٹے لیتی ہے اسکے مسلسل انکار پر کاشان نے اسکے خراٹے ریکارڈ کر کے سنائے تو اسنے پھر انکار کیا اور کاشان سے کہا کے وہ کسی کے خراٹے ریکارڈ کر کے اس پر الزام لگا رہا ہے اگلی رات کاشان نے ویڈیو بنائی اسکے بعد وہ ایسی بن گئی جیسے یہ بات اسے سنائی نہیں دیتی

یہ بچے معصوم ہوتے تو ماں پر جاتے شیطان باپ پے گئے ہیں نادن دیکھتے نا رات بس مجھے ستانے کا موقع نہیں چھوڑتے اب اتنا وقت نہیں ہے کہ میں میک اپ کر لوں وہ بڑبڑاتے واشروم میں گھس گئی جبکہ کاشان نے قہقہہ لگاتے ہوئے بچوں سے کہا جیتے رہو میرے دونوں گردوں ماں کو میک اپ سے دور کر کے باپ کی آدھی تنخواہ بچا دیتے ہو

سب میرج ہال سے واپس گھر کیلئے روانہ ہو رہے تھے دلہا اپنی دلہنیا لے کر نکل گئی بچوں والے اپنی بیوی بچے لے نکلے

دورانی صاحب انکی بیوی، فرمان صاحب انکی بیوی آیت فاطمہ اور منہا ایک ہی گاڑی میں تھے اور سب سے آخر میں نکلے تھے

سڑک پر انکی گاڑی کو چاروں اطراف سے گاڑیوں اور موٹر سائیکل سواروں نے گھیر لیا تھا

آیت فاطمہ کا بھائی سریش اپنے بندوں کے ساتھ سامنے کھڑا تھا معلوم تھا تمہیں مجھے نفرت ہے مسلمانوں سے

اسنے دورانی صاحب انکی بیوی فرمان صاحب کو اتنی گولیاں ماری کے شاید ہی انکے جسم پر کوئی جگہ بچی ہو خون کی ہولی کھیلی ہے میں نے تمہاری آنکھوں کے سامنے سریش خوشی اور آیت فاطمہ دکھ سے کانپ رہی تھی ادھر لاو اسے

ہاتھ مت لگانا اسے

ارے فرمان صاحب کی بیٹی کو میں کیوں ہاتھ لگاو جاران بیٹا

گاڑی سے ایک لڑکا اتر کر آیا جو بلاشبہ کسرتی جسم کا وجیہہ مرد تھا

Yes dad

Come here son meet them.

Wow she is so pretty and innocent. He looks Minha.

Son meet her , she is my sister suneeta.

Am not his sister , i am ayat fatma wife of Muhammad farman mother of Muhammad nouman.

Oh my sister cool down.

Son you may go now.

I want to go with her dad.

Sure my son........hahahahhhhhhhhhhhhhhhhhh

یہ فرمان کی بیٹی نہیں ہے اس معصوم کو چھوڑ دو جو کرنا ہے میرے ساتھ کرو

جانتا ہوں اسے بچانے کیلئے جھوٹ بول رہی ہو اور تمہاری تو موت ہی میں تمہاری سزا تجویز کر چکا ہوں

جاران منہا کو لے گیا وہ تو خون کی ہولی دیکھ کر سکتے میں تھی جاران کے اپنے قریب آنے پر اسے بس یہی یاد آیا

اماں سین نے کہا تھا

دشمن اسکی طرف سے وہ نقصان پہنچائے گا جو وہم و گمان میں نا ہو گا

سریش نے آیت کے پیٹ میں چاقو مارا تھا اسکا حجاب اتار دیا بالوں سے پکڑ کر اتنی مرتبہ اسکا سر گاڑی کے بونٹ پر مارا کے اسکا اپنا سر چکرانے لگا پھر خود کی تسلی کیلئے اپنی میگزین اس پر خالی کر دی

ان سب کو گاڑی میں ڈال کر آگ لگا دو

سبحان، کاشان، علی، نعمان جائے وقوعہ پر تھے سر شواہد سے یہی ظاہر ہوتا ہے پہلے سب کو بے دردی سے قتل کیا گیا اور بعد میں گاڑی میں ڈال کر آگ لگا دی گئی جگہ جگہ خون ہی خون تھا اور یہ واقعہ خون کی ہولی والی رات سے ہر زبان پر کہانی بنا ہوا تھا

دعا، نازیہ، شازیہ اور زارا کو سنبھالنا مشکل ہو گیا تھا وقت گزرنے لگا سب کو صبر آ ہی گیا کوئی یہ جان ہی نا پایا کے منہا تو زندہ ہے

جاران کو اپنی راتیں گزارنے کیلیئے ایک حسینہ مل گئی تھی

منہا اپنی عزت بار بار لٹنے سے اور اس رات اپنی آنکھوں کے سامنے خون کی ہولی دیکھ کر صدمے سے پاگل ہوتی جا رہی تھی منہا اسی دوران پریگنینٹ ہو گئی تھی

جاران تم زیادہ وقت اسی کے ساتھ رہا کرو اسے جیسے اب تک موقع نہیں دیا خود کو نقصان پہنچائے کا اب تو بالکل موقع نہیں دینا اسکے وجود میں تمہارے جڑواں بچے موجود ہیں

ڈیڈ میں سمجھ نہیں پا رہا آپ کیوں اس مسلم سے میری نسل پروان چڑھا رہے ہے

جنم وہ دے گی مگر رگوں میں خون تمہارا ہی ہو گا

سرپرائز دینا ہے آخر کار

نعمان، کاشان اور سبحان کو انکی بہن نے یہودی نسل کو پروان چڑھایا ہے

You are very clever dad. Hahahahahaha

سبحان کو اللہ جی نے اپنی رحمت اور علی کو نعمت سے نوازا تھا

اسی رات منہا دو بچوں کو جنم دے کر دنیا سے ناراض ہو گئی

ڈاکٹر کے مطابق بیٹا مکمل تندرست تھا ذہنی طور پر بھی اور جسمانی طور پر بھی جبکہ بیٹی کا دل بہت کمزور تھا اور اسکے بڑے ہونے پر پتا چلنا تھا کہ وہ مکمل تندرست ہے یا نہیں ڈاکٹر کو لگتا تھا کہ اسکی والدہ کی دماغی حالت خراب ہونے کا اثر بچی پر ہوا ہے

سریش نے جاران سے کہا کچھ دیر بعد تمہاری فلائٹ ہے اسے لے جاو ساتھ ہارش اسکا نام رکھنا میں بعد میں آ جاونگا

تم نے میرے پوتے کو بتانا ہے کس طرح اس کے ننھیال والوں نے اسکی ماں کو تم سے محبت کی سزا دی اس کو قتل کروا دیا اسکی بہن کو اس سے جدا کر دیا زبردستی اپنے ساتھ لے گئے

جو حکم آپ کا

جاران اور ہارش کے جہاز کی روانگی کے 20 منٹ بعد سریش نے سبحان کو فون کیا مگر جواب نا ملا

کاشان، سبحان، نعمان اور علی نے ایک نئے گھر میں نئی زندگی شروع کی تھی اس واقعے کے بعد ناز پر اس واقعے کا بہت اثر ہوا تھا وہ اکثر رات میں چیخ مارتے جاگ جاتی دن میں بات بے بات الجھتی تھی سب سے کہتی تھی منہا زندہ ہے مگر کوئی اسکا یقین نا کرتا ڈاکٹر بھی کہہ چکے تھے یہ کسی صدمے کی جوابی کیفیت ہے

نازیہ کے بچے شازیہ سے زیادہ مانوس ہوتے جا رہے تھے اسی لیے اسنے انکی ذمے داری سنبھال لی تھی اور آیت نے شازیہ کے بچے سنبھال لیے کیونکہ اسکی اپنی کوئی اولاد نہیں تھی دعا کا تو بیٹا ہی اس پے بہت تھا سب ایک ہی گھر میں تھے اس لیے بچوں کے معاملے میں بے فکر تھے اس بات سے کسی کو مسئلہ نہیں تھا کون کس سے کتنا مانوس ہوا جا رہا ہے

سارادن گھر میں خوب رونق رہتی زریب، اسحی، محمد، مینا،عینا کا شور رہتا تھا

ناز تم کیوں نہیں بھول جاتی اس واقعے کو اللہ جی کے ہر فیصلے کو دل سے قبول کرنا سیکھو بطور مسلمان ہمارا عقیدہ ہے

ہم سب کو موت آنی ہے

الحمداللہ جی آج لگ رہا ہے وہ بھی آزاد ہو گئی ہے

مجھے سکون آ گیا کیونکہ وہ پر سکون ہو گئی ہے

جب ہم کسی سے محبت کرتے ہیں ... تو اسے بہت اونچا مقام دیتے ہیں ... اتنا اونچا مقام کہ ... آخر کار وہ شخص ہماری پہنچ سے باہر ہو جاتا ہے..... سبحان گواہ رہنا میں نے منہا سے محبت کی ہے اور اتنی محبت کی ہے کہ وہ میری ہی پہنچ سے باہر ہو گئی

سبحان کے سینے لگی آج وہ بہت روئی اور سبحان کو لگا اسکی ناز اب کے مل گئی اسے.....

www.kitabnagri.com

اسحی کو ہوش آیا تو میجر علی، کیپٹن میر، محمد اسکے آس پاس کھڑے تھے

کیسے ہو شیر؟

ال....حمد..ا...للہ.........جی

ابھی ڈاکٹر نے زیادہ بات کرنے سے منع کیا ہے زریب نے سب کو بتایا

میجر علی نے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھے کہا

مجھے خوشی ہے ہمارے جوان کبھی اپنے فرض کی ادائیگی میں اپنی جان کی پرواہ نہیں کرتے

فکر مت کرنا گھر والوں اور گھر والی کی حفاظت ہماری ذمے داری ہے جب تک تم صحتیاب نہیں ہو جاتے

میر نے دیکھا تھا اسحی ایک دم سے پر سکون ہوا تھا

جیسے اسے یہی سننا تھا کے اسکے گھر والے محفوظ ہیں

اسحی نے اپنا آکسیجن ماسک اتارا اور کچھ بتانے کی کوشش کی

اسکی آواز بہت مدھم تھی

میجر علی نے اسکے منہ کے قریب اپنے کان کو کیا

سر......ہا.....شر......پاکس....تان....آگیا

دوائی کے وجہ سے اسحی نیند کی وادی میں چلا گیا

کالیا

یس سر

آپ سب اپنی یونیفارم میں میٹنگ روم میں ہوں 30 منٹ تک

ایک ساتھ سب کی آواز آئی

یس سر

ڈاکٹر منان، یس میجر

ایک آرمی سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹر کی ذمے داری سے آپ واقف ہی ہونگے

سر انکی حفاظت اور علاج میری ہر ذمے داری میں پہلی ترجیح ہے

شاباش شیر.....انکی بیوی کو بلوالیں انکی یہاں زیادہ ضرورت ہے

زریب اور محمد نے ایک دوسرے کو دیکھا

کوئی مسئلہ ہے؟

نہیں سر کل تک وہ یہاں ہی ہونگی

سب میٹنگ روم میں موجود تھے

ہاشر ایک ایسا انسان ہے جسے بھٹکایا گیا ہے اور اس کے دل میں اسکے مسلمان بھائی، بہنوں کیلیۓ نفرت اسکے دل میں ڈالی جارہی ہے ہمارا مقصد صرف پکڑنا اور سزادینا نہیں ہے

ماضی میں جیسے ہمارے ایک بہترین آفیسر میجر محمد فرمان شہید نے کیا ہم بھی کرنے میں کامیاب ہوۓ تو ہماری خوش نصیبی ہوگی

ہمیں ان معصوم لوگوں کو جنہیں بھٹکایا گیا ہے انہیں ہدایت کی طرف لانا ہے

ہارش اپنے باپ کو گھر چھوڑ کر خود سڑکوں پے گاڑی دوڑاتا رہا یونہی گاڑی چلاتے وہ ایک درگاہ پہنچ گیا

سب مل کر کھانا کھا رہے تھے سبحان کا فون بجا تھا

السلام علیکم

وعلیکم السلام، جی مسٹر سبحان سے بات کرنی ہے

جی بول رہا ہوں

سر میں پولیس آفیسر بات کر رہا آپ کو اپنے بھائیوں کے ساتھ ہاسپٹل آنا ہو گا

ٹھیک ہے ہم ابھی پہنچتے ہیں

وہ لوگ ہاسپٹل پہنچ گئے تھے اور جو کچھ آفیسر بتا رہا تھا اس پر یقین کرنا مشکل ہو گیا تھا

سر ڈاکٹر کے مطابق اس لڑکی نے دو جڑواں بچے پیدا کیے ہیں بیٹے کو وہ لے گئے ہیں جبکہ بیٹی یہی موجود ہے

علی نے چادر ہٹائی تو منہا کا چہرہ سامنے تھا

ہڈیوں کا ڈھانچہ، گہرے ہلکے، کمزور اور لاغر وجود اسکی بہن کا ہی تھا

کب ایسا ہوا تھا کوئی فوجی کسی کے سامنے رویا ہو

علی تو رو پڑا تھا

معاف کر دو اپنے بھائی کو

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بھائی سے اچھی دوست تھی جو کہتی رہ گئی تم زندہ ہوا سے پکارتی ہو مدد کیلئے

بھائی کو ایک آواز تو لگائی ہوتی

کاشان اور نعمان نے ہر جگہ پولیس کو آرمی کو الرٹ کر دیا تھا رینجرز بھی انوالو کی گئی

3 مختلف جگہوں سے کامیابی ملی تھی

بہت سی لڑکیاں آزاد کروائی گئی جن کو انہوں نے اسمگلنگ کیلئے اغوا کیا ہوا تھا

بارودی مواد ملا تھا جو پاک افغان بارڈر پر منتقلی کے مراحل میں تھا

تیسری کامیابی

سریش پکڑا گیا اسے کسی اور نے نہیں سبحان نے پکڑا تھا وہ کب ہاسپٹل سے نکلا کسی کو خبر نا ہوئی

علی ایک فوجی تھا ایک ایجنٹ تھا کیسے خود کو نا سنبھال پاتا

ننھی پری کو شازیہ نے اپنی گود میں ڈالا تھا

منہا کی تدفین ہو چکی تھی

نازیہ نے جو کہا تھا اسے پورا کیا

سبحان جب گھر لوٹا تو کمرے سے نازیہ کا خط ملا تھا

میں نے آپ سب سے کہا تھا بچا لو اس معصوم کو مگر آپ سب نے مجھے پاگل سمجھ لیا تھا

میں جارہی ہوں نا ہی پیچھے آنا اور نا ہی ڈھونڈنا مجھے جس دن منہا کا بدلہ لے لوگے خودی واپس آجاونگی میں

میرے بچے شازیہ کے حوالے وہ انہی سے مانوس ہیں اور منہا کا کوئی بچہ ہو تو اسے میرے بچوں کے بھائی بہن کی پہچان دینا اس معصوم کو یہ نا خبر ہو وہ ناجائز اولاد ہے

آپکی ہوں اور آپکی ہی رہونگی

نازیہ محمد سبحان

شازیہ نے اپنی اولاد کو نعمان اور زارا کے حوالے کیا کاشان خاموش تھا صرف بچوں کیلیئے

زارا محمد نعمان وعدہ کرتی ہے آپ سے مینا اور محمد کو ماں بن کے پالے گی مگر ان سے حقیقت نہیں چھپائے گی

کاشان مجھے معاف کر دینا

معاف تو ہم سب کو اللہ جی کر دیں ہماری بے خبری کی وجہ سے سزا اس معصوم نے بھگتی جس کا ان تمام معاملات سے کوئی لینا دینا ہی نا تھا

تفتیشی کمرے سے نکل کر علی سیدھا گھر آیا تھا

کاشان، سبحان، نعمان، شازیہ، دعا اور زارا سب علی کو سن رہے تھے

پہلے وہ کچھ نا بولا بہت مارا اسے، چھتر بھی اسکی زبان نا کھلوا سکا اسکی زبان کھلوانے کیلیئے کرنٹ کرسی کا استعمال کیا ہے........ تم پاگل ہوگئے ہو کسی آفیسر کی اجازت کے بغیر تم ایسا کیسے کر سکتے ہو؟

سبحان صاحب میں جانتا ہوں میرے دل پے کیا گزر رہی ہے میری بہن تھی منہا تمہاری ہوتی تب پوچھتا.....

علی.......کیا ایسا کبھی ہوا تھا میں نے دعا اور منہا میں کوئی فرق رکھا

ہاں رکھا تم نے فرق

نازیہ بھابھی نہیں کہتی تھی تم سے کے منہا زندہ ہے اسے ہماری مدد چاہئیے

کیوں تم نے انکا اعتبار نہیں کیا تھا؟

کیوں ہمیں بھی کہا کے اسکے زہن پے اثر ہو گیا ہے ڈپریشن کی وجہ سے وہ ایسی باتیں کرتی ہے

علی سنبھال خود کو یار

مجھے بتا کیا کہا ہے اس شیطان نے؟

کاشان نے بھی آگے بڑھ کے علی سے کہا بتاو ہمیں اپنے دل پر بوجھ مت ڈالا

منہا کو وہ فرمان سر کی بیٹی سمجھ کر لے گیا تھا

اسکی بہن کو مسلمان کرنے اور مسلمانوں کی نسل پروان چڑھانے کی سزا دینے اور آپ سب سے بدلہ لینے کیلیئے

وہ اٹھ کے سبحان کے سامنے آیا اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا

جانتے ہو کیا کچھ کیا ہے میری بہن کے ساتھ ؟؟؟

زیادتی کی جاتی رہی مسلسل ایک سال

پہلی زیادتی والی رات کی ویڈیو انٹرنیٹ پر ڈال دی گئی جس میں صرف میری بہن چہرے تک نظر آرہی تھی

ہفتے میں 2 دن کھانا ملتا اور پورے دن میں چند گھونٹ پانی کے ملتے تھے

سبحان کو خوف محسوس ہوا علی کی آنکھوں سے

شرم اور احساس جرم سے سر جھک گیا اسکا

کمرے میں موجود تمام لوگ کانپ گئے تھے علی پورے زور سے چیخا تھا

میری وہ بہن جو اللہ جی کے خوف سے خود کو نا محرم سے پردے میں چھپا کے رکھتی تھی کتنے ہی لوگوں نے اس معصوم کو بے لباس اس ویڈیو میں دیکھا ہو گا

ایک مضبوط مرد بچوں کی طرح سسکیاں لیے رو رہا تھا

لگتا تھا آج روتے روتے ہی مر جائے گا کسی میں ہمت نا ہوئی اسکو حوصلہ دینے کیلئے آگے بڑھے

جب لوگوں کے پاس کرنے کیلئے کچھ نہیں ہوتا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو وہ کھیلنا شروع کر دیتے ہیں

اور کھیلنے کیلئے بھی بد قسمتی سے انسان کا انتخاب کرتے ہیں

اسکے جذبات اور احساسات کو روند کر انہیں احساس ہی نہیں ہوتا کے

انسان کھلونا نہیں نا ہی کھیلنے کی چیز ہے

مجھے اندازہ نہیں تھا منہا زندہ ہے اور ہر پل عزیت سہہ رہی ہے

میں نے کیوں اعتبار نا کیا ناز تمہارا میں کیوں تمہیں سمجھنے کے بجائے ڈاکٹر کی بات پر یقین کر گیا کے تم سائکو ہو گئی ہو

سب ایک دوسرے سے نظر چرا رہے تھے وقت گزرتا جا رہا تھا بھلا وقت بھی کبھی رکا ہے کسی کیلئے

سبحان احساس جرم، نازیہ کی جدائی، بچوں کا بن ماں کے سسکنا برداشت نہیں کر پا رہا تھا

دعا خود کو معاف نہیں کر پا رہی تھی علی کے تو سامنے بھی نہیں آتی تھی

شازیہ اپنی بہن نازیہ کے بچوں عینا اور اسحی کے ساتھ منہا کی بیٹی ابص کی ماں بن گئی تھی

زارا نے شازیہ کے جڑواں بچوں مینا اور محمد کے ساتھ دعا کی بگڑتی حالت کے سبب اسکے بیٹے زریب کی بھی ذمے داری اٹھالی تھی کاشان اب گھر کا بڑا تھا سب حالات دیکھتے ہوئے اس نے ایک مشکل فیصلہ کیا تھا جسے اب اس نے سب تک پہنچانا تھا

پہلے وہ تینوں کمرے میں تھے

خالہ باہر کھڑی ان پر غصہ کرتی رہی

اب وہ تینوں کمرے کے باہر کھڑے تھے اور شام سے خالہ کمرے میں بند تھی

خالہ معاف کر دیں باہر آ جائیں

ابصار اور اعناب نے رونا شروع کر دیا اسحار بھی پریشان ہو گیا

تھوڑی دیر بعد خالہ نے دروازہ کھولا تو وہ تینوں شرمندہ ہو گئے کیونکہ آج انکی خالہ انہی کی وجہ سے روئی تھی

ابصار خالہ کے سامنے ہاتھ باندھے کھڑی تھی

نہیں میرے بچوں معافی مت مانگو میں کون سا تم لوگوں کی ماں تھی جو مجھے اپنے دل کی باتیں بتاتے تم لوگ

اسحار نے آگے بڑھ کے انہیں سینے سے لگالیا

خالہ بھی ماں ہوتی ہے آپ نے تو ہمیں ماں باپ دونوں کی کمی کبھی محسوس نہیں ہونے دی

کل لے چلو مجھے اپنے سسرال تم تینوں

خالہ ایسا ابھی ممکن نہیں

کیوں کیا ان تینوں نے بھی گھر نہیں بتایا ہوا؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایسی بات نہیں ہے خالہ

تو ٹھیک ہے کل ہم وہاں جائیں گے

کاشان جائے نماز پر بیٹھا اللہ جی سے ہم کلام تھا

یا رب یا رحیم

نازیہ نرم دل ہے اسی لیے اسکے دل تک منہا کی چیخ و پکار پہنچی

منہا نرم دل تھی اسی لیے اسنے ان ظالموں کو دعا کے متعلق نہیں بتایا اور ظلم صبر سے برداشت کیا

سبحان نرم دل ہے اسی لیے اسنے اپنی بیوی کو سب کے سامنے سائکو ظاہر کیا وہ نہیں چاہتا تھا کے سب نازیہ کی طرح بے سکون اور عزیت میں رہیں

میرے رب علی سب سے زیادہ تکلیف میں ہے

دعا کی حالت تیرے سامنے ہے

یا رحیم رحم کر دے

یا رحیم رحم کر دے

یا رحیم رحم کر دے

امین الھم امین

وہ دعا مانگ کے اٹھنے ہی لگا تھا کے سبحان نے اسکی گود میں سر رکھا کاشان سمجھ گیا آج وہ اپنے بھائی کو آزمانے آ گیا ہے کیا بات ہے سبحان اس نے اسکے بالوں اپنی انگلیاں چلاتے ہوئے کہا

بھائی اجازت لینے آیا ہوں

مشن پر جا رہے ہو؟

جی بھائی

کس کس کا انتخاب ہوا ہے؟

میں اور کالیا

تو میرے دونوں شیروں کا انتخاب ہوا ہے

بھائی

جی بھائی کی پہلی جان

سبحان یار

کاشان سے بولا نا گیا آگے

سبحان اسکی گود میں سر رکھے بچے کی طرح رو رہا تھا

اس نے تو کاشان کو بھی رولا دیا

